- تیغ کمال — [illegible]
- منظر طرابلس — [illegible]
- آفتاب دمشق — [illegible] مسلمانوں [illegible] کے معرکے۔
- شاہین و دراج — [illegible] بیان فرمایا۔
- در شہوار — [illegible]

شہنشاہ کا فیصلہ — [illegible] کے بغداد کا ایک نہایت دلچسپ [illegible] افسانہ۔

ملنے کا پتہ - عصمت بک ڈپو دہلی

[illegible]

The "Jauhar e Niswan" Delhi. Regd. No.

یادگار محترمہ خاتون

جوہر نسواں

جنوری ۱۹۳۶

مالک پرنٹر پبلشر
رازق الخیری
ایڈیٹر عصمت



آمنہ نازلی

کھانے پکانے کی بہترین کتابیں

عصمتی دسترخوان حصہ اول جس کی ایک نمایاں خصوصیت جو اس موضوع کی اور کسی کتاب میں نہ نکلے گی یہ ہے کہ تمام ترکیبیں تجربہ کر کے بعد لکھی گئی ہیں اس لیے ترکیبیں بالکل صحیح ہیں اور وزن بالکل درست! ہندوستان بھر کے [illegible] حصہ کی تقریباً ۵۰ عصمتی بہنوں نے اس کتاب کی تیاری میں حصہ لیا ہے اور [illegible] صاحب عصمت کی اہلیہ محترمہ آمنہ نازلی صاحبہ نے بڑی محبت سے کتاب مرتب فرمائی ہے باورچی خانہ کے انتظام اور کھانوں کے متعلق نہایت قیمتی ہدایات اور مضامین درج کیے گئے ہیں ایک [illegible] کی قسم کی تیار کرنے کے لیے بھی عصمتی دسترخوان سے بہتر کتاب ملنی ناممکن ہے چاول سلونے اور میٹھے۔ سوہماں کھیر فیرنی سادے اور ترکاری کے سالن، مچھلی، مرغ، جلی بسکٹ پڈنگ کباب کیک۔ دالیں شھائیاں۔ حلوے چٹنیاں مربے۔ آچار، سموسے، بڑے پکوڑی کیوریاں راشے ۔ روٹی غرض ہر قسم کے کھانوں کی بڑی بڑی اچھی ترکیبیں ہیں اور ہر چیز کی کئی کئی درجن صحیح ترکیبیں اس کتاب کا ہر گھرانے میں ہونا ضروریات میں سے ہے بہت سی [illegible] اس کتاب کی بدولت عمدہ عمدہ دائقہ دار کھانے پکانے لگیں لڑکیوں کو یہ کتاب اسند ضروری سمجھ کر جہیز میں دی جاتی ہے چند ہی سال میں آٹھوں [illegible] ۹ ایڈیشن نکل گئے۔ **قیمت** [illegible]

عصمتی دسترخوان حصہ دوم عصمتی دسترخوان کا دوسرا حصہ ہے جس میں ۱۰۰ مضمون کے نہایت ہی کارآمد اور قابل قدر مضامین ہیں مثلاً

مشرقی مغربی کھانے ہماری خوراک اور غذا کے متعلق تحقیقی مضامین کھانے کے اصول۔ کھانے کی حفاظت حرمنی باورچی خانہ جاپانی باورچی خانہ۔ کچی سبزی۔ ترکاریوں کے خواص کھانے کا کمرہ اناج کا صندوق۔ ایرانی دعوت وغیرہ۔ ترکیبیں سب نئی اور آزمودہ ہیں اور ایک ایک چیز کی متعدد ترکیبیں۔ عربی ایرانی۔ ترکی جاپانی عراقی۔ روسی اطالوی انگریزی فرانسیسی۔ کھانوں کی کئی ترکیبیں ہیں قیمت [illegible] عصمتی دسترخوان مکمل یعنی دونوں حصوں کی قیمت ۔ [illegible]

عصمتی ہنڈکلیا سوا سو کھانوں کی صحیح ترکیبیں بچیوں کے مطلب کی درج کی گئی ہیں۔ کھانے پکانے کے متعلق نہایت مفید مضامین اور کارآمد ہدایتیں بھی ہیں قیمت ۱۰/

ناشتہ دوپہر اور رات کے کھانے سے قبل صبح اور تیسرے پہر کے ناشتے چائے، کوکو شربت لسی۔ فالودہ۔ آئس کریم۔ بسکٹ کیک۔ ٹوسٹ۔ کڑاہی وغیرہ کی کئی ترکیبیں ہیں قیمت ۱۲/

بچوں کے کھانے ننھے بچوں کو اصول صحت سے کس قسم کی غذا دینی چاہیئے کون سے کھانے مفید ہیں اور وہ کس طرح تیار ہوتے ہیں کئی درجن تجربہ کی ہوئی ترکیبوں کے علاوہ کارآمد مضامین بھی ملک کے قابل ڈاکٹروں کے لکھے ہوئے ہیں قیمت ۱۰/

بیماروں کے کھانے بیماروں کے جو کھانے بہت مفید ہیں اس میں صرف انہی کی ترکیبیں ہیں اور کئی قابل تجربہ کار ڈاکٹروں نے اس کی تیاری میں حصہ لیا ہے۔ ہر

مذاقیہ کھانے دولھا بھائی سے نندوئی سے سہیلیوں سے مہذب مذاق کرنے کے نہایت دلچسپ کتاب ہے قیمت ۶/

زنانہ دستکاری کی مفید کتابیں

عصمتی کروشیا عام فہم ہدایات اور مختلف قسم کی جھالروں، لیسوں [illegible] تولیوں وغیرہ کے خوبصورت نمونے چند عنوانات [illegible] گلدان ہرن گھوڑے۔ شیر مرغ راج ہنس بچہ [illegible] گاڑی۔ صورت [illegible] [illegible] ایڈیشن قیمت دو روپیہ [illegible]

عصمتی کشیدہ میز پوش۔ پلنگ پوش چادریں رومال کرتیوں [illegible] وغیرہ کے [illegible] ہوئے دلکش پھول ولادیز بیلیں وغیرہ [illegible]

گلدستہ کشیدہ وضع وضع کے پھول [illegible] کونے بوٹیاں چادر میز پوش۔ گریبان [illegible] کے لیے ۲۰ مشہور دستکار [illegible] نے اس کی تیاری میں حصہ لیا ہے چوتھا ایڈیشن [illegible]

گلزار درخشاں کشیدہ کاری کے سو بہترین نمونے از محترمہ آر کے درخشاں [illegible]

گلشن زر نگار ۴۴ بیلیں، ۲۰ پھول، ۲۰ کونے، ۲۰ لا گلے، ۱۱ ٹوکریاں، ۵ [illegible] غلافوں کے، ۷ گریبان غرض کشیدہ کے متعدد نمونے ہیں قیمت [illegible]

مجموعہ کشیدہ کاری پہلے ۴۴ نمونے ان کے بعد نئی نئی وضع کی کڑھت کے ۷۴ نمونے پھر مختلف خواتین کے دیے ہوئے ۲۹ بہترین نمونے ہیں قیمت [illegible]

روح کشیدہ جس میں متعدد نمونے چھوٹے بڑے درمیانی پھولوں، بیلوں، گلدستوں ٹوکریوں مرکز کونوں کے ہیں قیمت [illegible]

کڑھت کی قسمیں مختلف قسم کی کڑھت کی عام فہم ترکیبیں [illegible] ہدایتیں نمونے دیدہ زیب [illegible]

کراس اسٹچ ورک ترچھے ٹانکوں کے کام کی مشہور کتاب چند نمونوں کے عنوانات۔ [illegible] چڑیا سارس جوڑہ۔ [illegible] بلی۔ [illegible] گھری۔ ہرن اتھی اونٹ [illegible] وغیرہ پھولوں بیلوں گلدانوں وغیرہ کے بھی بہت سے نمونے ہیں قیمت [illegible]

تارکشی کا کام جس کی مدد سے کپڑے سے دھاگہ [illegible] کام کیا جاتا ہے متعدد نمونے [illegible]

گلدستہ تارکشی مضامین ہدایتیں نہایت سلیقہ اور محنت سے لکھی گئی ہیں، ۵۰ نمونے ہیں ایک ایک [illegible]

اونی کام سلائیوں سے بنائی کے بہترین نمونے۔ مضامین اور ہدایتیں عام فہم۔ [illegible] ڈیزائن اور سادے نمونے بہت کافی ہیں [illegible] ایڈیشن قیمت [illegible]

موتیوں کا کام ۴۴ پھول، ۲۷ بیلیں، [illegible] جھالریں، ۳۰ فریم، ۱۱۱ نسرشین، ۲ جالیاں، ۹ [illegible] ۱۱ پنکھے بینڈ اور منی بیگ ۴۰ پرس ۔ ان کے علاوہ متعدد اور نمونے۔ ترکیبیں مفصل اور مکمل، ۲۷ عصمتی بہنوں نے یہ کتاب تیار کی ہے بار سوم قیمت تین روپیہ [illegible]

سلمہ ستارہ کا کام کلابتون۔ گوکھرو سلمہ۔ گھاس۔ موتی ستارہ وغیرہ [illegible] نمونے دیدہ زیب۔ مرحومہ خدیجہ بانو کی [illegible]

چمنستان خیاطی قمیض پاسوئی کا کام بچوں کے کپڑے سوٹ [illegible] زنانہ کپڑے لباس شب [illegible] جمپر غرض کٹائی سلائی کی ترکیبیں اور نمونے بہترین قیمت [illegible]

گلستان خیاطی کپڑے کی کٹائی سلائی کی بہترین کتاب قیمت [illegible]

گوٹہ کناری کا کام ہندوستان کی قدیم و مشہور صنعت پر بہترین [illegible] نمونے ہیں ترکیبیں عام فہم ہیں قیمت صرف دو روپیہ [illegible]

جالی کا کام لہریہ۔ جال۔ سیدھے الٹے فیتے کھلے پھول بیلیں۔ گلدستے۔ مختلف وضع کے [illegible] ہیں۔ ہدایتیں بہت آسان مگر مکمل ہیں بار دوم قیمت دو روپیہ [illegible]

نسیم سوزن کاری جس میں زردوزی کام۔ ڈارجینا ورک۔ [illegible] کا کام [illegible] کا کام سلک ایمبرائڈری اور کروشیا کے نمونے [illegible] ہیں [illegible]

ملنے کا پتہ:- عصمت بک ڈپو۔ کوچہ چیلان۔ دہلی

[illegible]

جوہر نسواں دہلی

تیرھواں سال | بابتہ ماہ جنوری ۴۷ء | جلد نمبر

اطلاع اختتام سال

جوہر نسواں کا سال خریداری جنوری ۱۹۴۷ء میں ختم ہوتا ہے۔ ... فروری ۱۹۴۷ء کا پرچہ وی، پی بھیجا جائیگا ان کے خریداری نمبر درج ذیل ہیں۔ اُن بہنوں سے درخواست ہے کہ تین روپے سالانہ چندہ بذریعہ منی آرڈر جسقدر جلد ممکن ہو بھیجدیں جنہیں آئندہ کیلئے خریداری منظور نہ ہو فوراً انکاری خط خریداری نمبر کے حوالے سے بھیجیں اگر انکا چندہ یا انکاری خط ۵ فروری تک نہ آیا تو اسکے یہ معنی ہونگے کہ انہیں وی پی کا انتظار ہے لہذا فروری ۴۷ء کا پرچہ ۱۰ فروری ۴۷ء کو بذریعہ وی پی سوا تین روپے کا حاضر خدمت ہوگا۔ امید ہے کہ وی، پی کی واپسی سے جوہر نسواں کی قدردان بہنیں اپنے پرچہ کو نقصان نہ پہنچائیں گی۔ — مینجر

۵۰۱۶-۵۰۶۵-۵۸۶۶-۵۸۷۷-۶۵۲۶-۶۵۴۴
۶۵۵۸-۶۵۸۴-۶۷۱۵-۶۸۷۶-۷۲۳۹-۷۲۴۷۰
۷۲۴۹-۷۲۶۹-۷۲۷۶-۷۷۳۰-۷۷۸۶-۷۷۹۹
۷۸۱۱-۷۸۱۳-۷۸۱۶-۷۸۷۶-۸۴۳۵-۸۵۸۱-۸۶۰۵
۸۶۲۵-۸۶۳۱-۸۶۳۲-۸۶۳۷-۸۶۴۲-۴۶۴۶-۸۶۴۷
۸۶۵۵-۸۶۶۲-۸۶۶۵-۸۶۶۶-۸۶۷۲-۸۶۸۹-۸۶۹۳
۸۶۹۶-۸۶۹۸-۸۷۰۲-۸۷۰۶-۸۷۰۹-۸۸۰۴-۸۸۶۸
۸۸۹۴-۸۸۹۷-۸۹۱۶-۸۹۲۷-۸۹۲۸-۸۹۵۵-۸۹۵۶
۸۵۵۹-۸۹۸۶-۹۰۳۶-۹۱۴۸-۹۳۸۲-۹۵۳۳-۹۵۷۳
۹۷۸۴-۹۸۰۲-۹۸۰۳-۹۸۰۴-۹۸۰۹-۹۸۱۷-۹۸۱۸-۹۸۲۵
۹۸۳۱-۹۸۳۲-۹۸۳۸-۹۸۴۳-۹۸۴۷-۹۸۴۸-۹۸۵۱
۹۸۵۵-۹۸۵۶-۹۸۵۷-۹۸۵۸-۹۸۵۹-۹۸۶۰-۹۸۶۱
۹۸۶۴-۹۸۶۵-۹۸۶۶-۹۸۶۷-۹۸۶۸-۹۸۶۹-۹۸۷۰
۹۸۷۲-۹۸۷۳-۹۸۷۴-۹۸۸۲-۹۸۸۳-۹۸۸۴-۹۸۸۵
۹۸۸۶-۹۸۸۷-۹۸۸۹-۹۸۹۰-۹۸۹۱-۹۸۹۲-۹۸۹۳
۹۸۹۴-۹۹۰۱-۹۹۰۲-۹۹۰۳-۹۹۰۴-۹۹۰۵-۹۹۰۶
۹۹۱۲-۹۹۱۳-۹۹۱۴-۹۹۱۵-۹۹۱۶-۹۹۱۸-۹۹۱۹-۹۹۲۳
۹۹۲۵-۹۹۲۷-۹۹۳۱-۹۹۳۵-۹۹۴۳-۹۹۶۵-۹۹۸۱-۳

باہتمام رازق الخیری پرنٹر و پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپکر دفتر عصمت کوچہ چیلان دہلی سے شائع کیا۔

عصمت بک ڈپو دہلی

دولت پر قربانیاں تعلیم یافتہ اور روشن خیال لڑکی کا اس وجہ سے وعیر کلدوس شادی کرنے سے ترک [illegible] دنیا ہوکا جبرا اوپی کے نااہل لڑکے سے شادی کرانے کے دردناک نتائج اور دولت کے لالچ میں اولین بیڑی بیاہنے کا عبرتناک انجام قیمت ۱۲ر

چار رُخ عصمت کی مشہور انشاپرداز محترمہ امیر فاطمہ کا لکھا ہوا ایک نتیجہ خیز افسانہ جس میں چار عورتوں کی عبرت انگیز اور سبق آموز آپ بیتی ہے۔ مغربی تمدن کی اندھا دھند تقلید، عیسائی مشنریوں کی صحبت رواج کی پابندی کے دردناک نتائج قیمت ۱۶ر

چال باز میں ایک معزز اعلیٰ تعلیم یافتہ گھرانے کے حالات نہایت ہی دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں۔ زبیدہ اپنے منگیتر کے لئے کیا کیا قربانیاں کرتی ہے۔ مسٹر قمر ایک کم حیثیت مغربی لڑکی کے ہاتھوں کس طرح اپنی پرمسرت زندگی کو تباہ کرتے ہیں۔ خاندان حسن کا ایک سچا دوست تمام مشکلات کو حل کرتا ہے اور اپنے دوستوں کی خاطر کیسی کیسی قربانیاں کر دیتا ہے یہ سب باتیں ہیں کہ آپ عش عش کریں گے۔ از محترمہ سجاد حیدر صاحبہ قیمت ۱۲ر

فیروزہ ایک دولت مند مغربی تعلیم و مسرت لڑکی کا افسانہ، غم، شرافت اور انسانیت کی دل ہلا دینے والی قربانیاں جن سے معلوم ہوگا کہ کس وجہ سے ایک شریف عورت اپنے شوہر کو ایک دوسری عورت کے حوالہ کر دیتی ہے لالچ بے ایمانی ہنگامی جذبات کے قابل نفرین مرقعے، احساس، ہمدردی، محسن کشی کے کمینے حملے اور استقامت و استقلال اور دور اندیشی کی فتح از حمیدہ بیگم صاحبہ بے تکلف قیمت ۱۲ر

نغماتِ موت محترمہ حجاب امتیاز کے دلآویز مضامین کا مجموعہ جو انہوں نے اپنی والدہ مرحومہ کی یاد میں لکھے ہیں۔ یہ رسالہ مصنفہ کے دلی جذبات کا آئینہ اور نظم و نثر کا بہترین نمونہ ہے مصنفہ کے انداز بیان کی دلکشی اور ان کے ساتھ ان خیالات کی پاکیزگی و رفعت پورے طور پر نغماتِ موت میں نمایاں ہیں قیمت ۱۰ر

ادبِ زرّیں محترمہ حجاب امتیاز کا طرزِ تحریر بہت ہی دلکش اور ان کی انشاپردازی خدا داد ہے بالکل نیا اور نہایت دلچسپ ہے وہ نثر میں [illegible] چھوٹے چھوٹے لطیف مضامین مثل تخیل عبارت کی رنگینی اور جذبات کی ترجمانی کا بہترین نمونہ ہوتے ہیں۔ یہ مجموعہ میں پچاس مضامین ہیں جن میں سے اکثر مختلف رسائل میں شائع ہوکر خراجِ تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ قیمت ۱۲ر

دودھ کی قیمت اس رسالہ میں مختصر افسانے اور ایک ڈراما جو منشی پریم چند صاحب مرحوم نے عورتوں کے لئے لکھے تھے یہ مجموعہ منشی جی کے بہترین افسانوں کا ہے۔ قیمت ۱۲ر

غیرت کی پتلی محترمہ فاطمہ بیگم صاحبہ منشی فاضل کا لکھا ہوا ایک سبق آموز اور دلچسپ قصہ جس میں تین مختلف الخیال عورتوں کے حالات ہیں جن سے معلوم ہوگا کہ اولوالعزمی اور ہمت سے عورت کس طرح بگڑا ہوا گھر سنبھالتی ہے قیمت ۸ر

روحانی شادی یہ اسلامی ڈراما منشی پریم چند نے عصمت کیلئے لکھا تھا پلاٹ، مکالمہ، کیرکٹر ہر اعتبار سے کامیاب ہے نتیجہ خیز سبق آموز ہے دلچسپ اور دل آویز ہے عبرتناک بھی ہے، ڈراما فنی لغزشوں سے [illegible] اصلاح معاشرت پر نہایت موثر اور بلند پایہ ڈراما ہے قیمت ۱۲ر

دامنِ باغباں مشہور افسانہ نگار ڈاکٹر سعید احمد بریلوی کے افسانے، جذبات نگاری میں ڈاکٹر صاحب کو کمال حاصل ہے اور زبان رواں اور عام فہم [illegible]

[illegible]

آئینہ [illegible]


[illegible] مصوری جذبات نسواں کی صحیح ترجمانی موسیقی کی لطافت وہ کیا خوبی ہے جو اس میں نہیں، خوف خدا، پاس مذہب، حب الوطنی، ایثار، ہمت، بہادری کے جذبات اسکے مطالعہ سے پیدا ہوتے ہیں قیمت ۱۲ر

شمعِ خاموش اردو کی مشہور شاعرہ منجھی بیگم (لکھنو) کی دردانگیز اور موثر نظموں کا مجموعہ مع دیباچہ مولانا راشد الخیری یہ نظمیں ہندوستانی مسلمان عورتوں کی مظلومیت کے بہترین نوحے ہیں رسالوں میں شائع ہوکر مقبول ہو چکی ہیں ہر شعر درد میں ڈوبا ہوا ہے پڑھ کر دل تڑپ جاتے ہیں کسی خاتون کے کلام کا ایسا دردانگیز مجموعہ اب تک نہیں چھپا زبان آسان اور عام فہم قیمت ۱۲ر

عقل کی باتیں دنیا کے بڑے بڑے آدمیوں پیغمبروں، بادشاہوں، مصنفوں، شاعروں اور ادیبوں اور فلاسفروں کے سات سو اقوال جو برسوں کے تجربوں پر مبنی ہیں جن میں خوشی کامیابی کیساتھ زندگی گذارنے کا راز ہے حیات انسانی کے پیچیدہ مسئلے [illegible]

خیاطی


وی شیپ جمپر




آجکل وی شکل کے جمپروں کا بے حد فیشن ہے اور ان جمپروں کی سلائی درزی دو روپے سے کم مشکل سے لیتے ہیں۔ اس کا سینا دقت طلب ضرور ہے مگر ناممکن نہیں بہنیں خود تیار کریں۔

کپڑا دھاریدار ایک جمپر کے لئے عموماً تین گز کافی ہوگا۔ ناپ مطابق جسم۔ لمبان کے مطابق کپڑا لیکر صرف سامنے کا حصہ کاٹ لیجئے اور اس کپڑے کی چار تہہ کر کے لمبان کاٹ لیجئے دو سامنے کے لئے اور دو پیچھے کے لئے اب ایک اتنے ہی بڑے ٹکڑے میں سے دو گرہ چوڑان کے حساب سے گوٹ کاٹ لیجئے اور اس گوٹ کو درمیان سے ایسے جوڑیئے کہ وی کی شکل بن جائے اور دہاری سے دہاری ملی رہے دی کا V رخ اوپر ہو۔ اب اگلے اور پچھلے حصے کے لئے یہ وی شکل گوٹ برابر کاٹ کر اس کے اطراف دو ٹکڑے جو پہلے کاٹ کر رکھے ہیں جوڑ لیجئے۔ دیکھئے شکل نمبر (۱)۔ اب ان ٹکڑوں کو تلے اوپر رکھکر آستین اور اطراف کا حصہ قطع کر لیجئے دیکھئے شکل نمبر (۲) گلا وی نما بالکل سادہ بنلیئے اور گھیر کو نیچے سے دو انچ لوٹ کر سی لیجئے اب آستینوں کے لئے ایک گرہ چوڑان کے حساب سے گوٹ کاٹ کر درمیان سے جوڑ کر وی شکل بنایئے۔


آستین کے چوڑان میں چار پٹیاں ٹھیک ہونگی اُنکی تہہ بنا کر آستین تراشئے دیکھئے شکل نمبر (۳) اب کف بھی وی شکل کا بنایئے مگر چوڑان ڈیڑھ انچ سے زیادہ نہ ہو۔ کف آستین میں لگا کر آستین جمپر میں فٹ کر لیجئے۔ جمپر تیار ہے جو بعد تیاری بہت عمدہ لگے گا۔






غذیر فاطمہ

کشیدہ کاری



محمدؐ پھلوں کا طغرا



آ ئی اے خاتون ہمشیرہ راؤ عبدالباسط خاں کلانوری

خوشنما


جہاں تک ہو سکے



بچوں کے فراکس کے گھیر پر ——— ٹیبل کور ——— اور ———

نظارہ

قدرتی رنگ ڈالئے



کورس کور کے کناروں پر بنائیے

ناظم النساء فاروقی

خوبصورت سینری

یہ سینری میز پوش کے چاروں طرف، چادر کے کناروں پر اور ٹی کوزی پر بہت اچھی معلوم ہوگی۔ پیڑ کے تنے کو گیگری سے بنائیں اور پھول پتے سبز۔ ڈنڈی اسٹچ سے۔ عورت کا لباس اور ہیٹ بٹن ہول اسٹچ سے بنائیں اور کمر کے ربن کو سرخ رنگ سے بھر کر کاڑھیں




جسم کو جتنا بھی ہلکا رنگ مل سکے تلاش کریں۔ اس کے ایک تاگہ سے کاڑھیں۔ اس کے بنانے میں ڈی۔ ایم۔ سی کی لچھیاں یا راجہ رانی لچھیاں استعمال کریں اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

مس محمودہ اشفاق علی تاج محل بھوپال

کامدانی کا کام

دوپٹہ اور ساڑی کے بارڈر کیلئے بیل

اس طرح سے ڈوپٹوں وغیرہ پر بہت عمدہ جال بنائے جاتے ہیں



تار کامدانی باریک

سوئی کامدانی

تار کے کنارے کو قاعدے تراش کر سوئی میں پرو لیجئے۔ بُندکی مندرجہ ذیل طریقے سے بنائیے

پہلے ٹانکہ نمبر (۱) کی طرح لیکر واپس لائیے اور تار کا کنارہ تھوڑا سا چٹکی سے دبا دیجئے۔

دوسرا ٹانکہ اس تار سے ملا ہوا ترچھا نکالئے۔

تیسرا ٹانکہ اس سے ملا ہوا ترچھا نکالئے۔


چوتھا ٹانکہ بھی اسی طرح لیجئے

پانچواں ٹانکہ لیکر دیکھئے بُندکی تیار ہوگی - اب چھٹا ٹانکہ تار کے اندر سے نکالکر تار کاٹ دیجئے — ایسے ٹانکے اس طرح بنائیے جیسے ترچھے ٹانکے لیتے ہیں ,,,,,, ایک بُندکی کے درمیان میں چار ٹانکوں کا موتی بنائیے بہت عمدہ بیل بنے گی۔

سیدہ نعیمہ خاتون اختری

کروشیا کا کام

کروشیا میں دلکش بیل



ترکیب

بہنیں اس بیل کو ڈی ایم سی تاگے سے بُن کر میز پوش، تکیہ کے غلاف کے اطراف لگائیں اور بیبی کوٹ و پلنگ پوش میں بھی لگا سکتی ہیں خانے جالیاں اور سیاہ نشان ٹریبل رہیں گے بہت خوشنما معلوم ہوتی ہے

ساجدہ بیگم
بھوپال

اُونی کام سلائیوں سے

ٹنگ کی خوبصورت بُنتی !

(جوہری بہن۔ کے سلطان حور (جگدلپور کی فرمائش پر) سلائیاں تین عدد۔ ایک سوئی پر چودہ ٹانکے ڈالیں۔

پہلی سلائی :- دو اُلٹے اور دو سیدھے سب سلائی اِسی طرح کریں مگر یہ خیال ضرور رکھیں کہ شروع کرتے وقت بھی پہلے اُلٹے آئیں اور آخر میں بھی الٹے ہی اُلٹے ہی آئیں۔

دوسری سلائی :- سیدھے پر سیدھے اور الٹے پر الٹے۔ اسی طرح چھ سلائیاں کرنے کے بعد سیدھی طرف سے دو اُلٹے بُن کر اب تیسری سلائی لیکر باہر کی طرف چار ٹانکے اُتار لیں اور جو اس کے بعد میں خانے ہوں وہ دو سیدھے بُن لیں اب جو چار خانے اُتارے تھے اسمیں جو سیدھے ہیں وہ الٹے اور جو اُلٹے ہیں اُسے سیدھے بُنے رہیں گے اسی طرح پھر چار خانے دوسری سلائی پر آتار لیں اور اسی طرح سب سلائی بُنیں۔

پھر اسی طرح چھ سلائیاں ۲ دو الٹے اور دو سیدھے کریں مگر اب کی مرتبہ یہ خیال رکھیں کہ پہلے چھ ٹانکے بچھلے اور آخر میں دو۔ بغیر اُلٹائے بُنئے!

ارشاد بیگم - امرتسر

بقیہ مضمون صفحہ ۱۳

بقیہ مضمون صفحہ ۱۳


کے کام میں لائیے اور دوسرے رنگوں سے بھی عمدہ معلوم ہوں گے مخمل ساٹن اور اسی قسم کے کپڑوں پر لاجواب ہوتے ہیں اور نگاہ ہٹانے کو جی نہیں چاہتا۔ کلابتوں کے کام کے لئے موٹی سوئی استعمال کیجئے اور ٹانکے کیلئے باریک سوئی اور باریک دھاگا۔

بچّے کا سوٹ


نیکر کوٹ اور سوئٹر

ایک سال سے لیکر ۴ سال تک کے بچّے کے لئے تیار کیجئے، ناپ جسم کے مطابق ہوگا۔

کوٹ سوئٹر کے لئے جو ایک ایک سال کے بچّے کے لئے بُنا جائے لوہے کی گول سلائی پر ایک سو پچاس پھندے ڈالئے دو لائن سیدھی۔



پہلی لائن:- ۵ سیدھے ۵ ایک الٹا ایک سیدھا دوسری لائن ۵ سیدھوں پر اُلٹے
اسلئے کہ سلائی کا رُخ الٹا ہوگا اور ۵ اُلٹے سیدھوں پر اُلٹے
پر سیدھا سیدھے پر الٹا تیسری لائن - سیدھوں
پر سیدھے اور ۵ اُلٹے سیدھوں
پر سیدھے پر اُلٹا
اُلٹے پر سیدھا - چوتھی لائن دوسری کی طرح - پانچویں لائن
تیسری کی طرح - اب بناوٹ کا رُخ اس طرح پلٹ دیجئے کہ جو جو کور
سیدھی بناوٹ کا بنا ہے اس کے اوپر الٹی سیدھی بناوٹ اور جو جو کور اُلٹے سیدھی
کا ہے اُس پر صرف سیدھی اور ہر پانچ لائن لبعد اس طرح ہی بناوٹ بدلتی رہیں
یہ کوٹ سوئٹر سامنے سے کھلا بنا جائے گا - کندھوں تک لاکر کندھے گھٹانا شروع
کریں اور سامنے سے سیدھا ہی بنتی جائیں جب کندھے پورے ہو جائیں تو بناوٹ
بند کر دیں اور کندھوں کی جگہ سوئی سے سی لیں - اب گلے کے مقام پر کالر کیلئے
پھندے اٹھائیں اور ایک الٹا ایک سیدھا کے حساب سے بُننا شروع کریں ہر لائن



میں ایک گھر بڑھالیں اور دو اِنچ بُننے کے بعد کالر تمام کریں یہ خیال ضرور رکھیں کہ سوئٹر شروع کرتے وقت دونوں کناروں پر آٹھ خانے کوٹ کے لئے شمار کرلیں اور یہ بناوٹ ایک الٹا ایک سیدھا گھر کے حساب سے بُنیں یہ بہت عمدہ کوٹ رہیگی

اب آستین شروع کریں۔ بتیس خانے سلائی پر لیکر ایک الٹا ایک سیدھا کے حساب سے بُن کر دو اِنچ بنائیں اور سوئٹر والی بناوٹ شروع کر دیں ہر دوسری تیسری لائن پر ایک گھر بڑھاتی جائیں۔ یہاں تک کہ آستین کا آخری حصہ سوئٹر کے کندھوں کے مطابق ہو جائے۔ پھر سوئی اُون سے آستین فٹ کرلیں بیحد خوبصورت کوٹ تیار ہے۔ ہم رنگ بٹن منگا کر لگا لیجئے۔

نیکر:- کمر کا انداز کر کے خانے سلائی پر ڈال لیجئے اور دو اِنچ اُلٹا سیدھا بُننے کے بعد سوئٹر والی بناوٹ

شروع کیجئے ایک بالشت بُننے کے بعد دونوں حصوں کے خانے علیحدہ علیحدہ کر لیجئے اور نقشے کے مطابق ایک ایک پائنچہ علیحدہ بُنئے نیچے پائنچہ کی گوٹ ایک لائن اُلٹی ایک لائن سیدھی کے حساب سے بنا لیجئے اور پورا کر کے خانے بند کر دیجئے اب دوسرا پائنچہ تمام کر کے اس کو بھی بند کیجئے اور ∧ ایسا حصہ سوئی اُون سے سی لیجئے۔ اور گیلس لگا کر نیکر پہنائیے اوپر کوٹ پہنائیے۔

بتول فاطمہ سید مطاہر حسین جعفری سہارنپور

اُونی کا مسلائیوں سے فراک کی بناوٹ

یہ نمونہ فراک اور زنانہ سوئٹر دونوں کے لئے عمدہ ہے۔ پہلی لائن: دو جوڑے یعنی چار گھروں کے دو بنائیں یہ اُلٹے بنیں اُون آگے ہی رہنے دیں اور چار گھروں کے آٹھ بنائیں یہ سیدھے بنیں۔ پھر اُون آگے کریں اور آٹھ کے چار بنائیں اسی طرح پوری سلائی ختم کریں آخر میں چار کے دو بنائیں دوسری لائن۔ پوری اُلٹی تیسری لائن پوری سیدھی۔ چوتھی پوری اُلٹی۔ پانچویں لائن پہلی کی طرح۔ ان پانچوں لائنوں سے نمونہ تیار ہوتا ہے۔ نمونہ کے لئے بہنیں چوبیس گھر ڈالیں۔

مہربان صنوبر

سوئٹر

پہلی قطار:۔ ۵ خانے سیدھے۔ ایک خانے کے چار سیدھے بنا لیجئے۔ اسی طرح پوری قطار بنئے۔ دوسری قطار:۔ ۵ سیدھے جو پہلی لائن میں ایک کے چار بنائے تھے اُن کو ڈبل کر لیجئے یعنی ایک ایک خانے میں دو۔ دو سیدھے بل ڈالئے پوری اسی طرح۔ تیسری قطار ۵ خانے اُلٹے۔ جو خانے ڈبل بنائے تھے اُن کو کھول کر سیدھے بُنئے تمام قطار اسی طرح۔ چوتھی قطار ۵ گھر سیدھے جو چار خانے بڑھائے تھے اُن کو اُلٹا بن کر ایک بنائیے۔ پانچویں قطار میں شروع میں دو اُلٹے آئیں گے پھر ایک کے چار اور پھر پانچ اُلٹے اسطرح پورا نمونہ تیار ہے۔ نمونہ کے لئے تھوڑے گھروں میں بُنا کر دیکھیں۔


امیر صنوبر

بنٹی ہوئی کلابتون کا کام

دو خاکے

بہن شرف النساء صاحبہ نے کلابتوں کے کام کے متعلق تفصیل چاہی ہے۔

یہ کام دو طرح سے بنایا جاتا ہے ایک تو کلابتون سوئی میں پرو کر کاڑھتے ہیں جیسے دوہری کٹر ہٹ۔ یہ کام بڑے بڑے پتّوں والے خاکوں پر بہت عمدہ رہتا ہے اور احتیاط سے کاڑھا جائے تو کلابتون خراب نہیں ہوتا اور متعدد بار دُھلنے پر بھی کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔




دوسرا طریقہ ٹانک کر بنانے کا ہے بہت بڑے پتّے بیل اور جانوروں کے نقشے مناظر اس طرح تیار ہوتے ہیں۔

خاکے کو زرد رنگ کے پکے سوت سے لمبے لمبے ٹانکوں سے کاڑھ لیجئے دیکھیے (۱) اب اس کے اوپر پتہ بنانے کے طریقے سے ترچھا ترچھا کلابتون ٹانکیے جس قدر چوڑان ہو اُسی لحاظ سے درمیان میں ننھے ننھے اور نامعلوم ٹانکے لگاتی جائیے کلابتون بالکل پاس تاکہ تاگہ نظر نہ آئے۔ سفید کلابتون کو سبز رنگ کر پتّے بنانے (باقی صفحہ ۱۵۲ پر)

دوسوتی پر اُون کا کام

دستی بیگ




دوسوتی پر پہلے سے نقشہ بنا لیجئے اور کاہی سبز رنگ کی اُون کو دوتار کر کے اون کی سوئی میں پرو کر ان نشانوں کو تیچی کراسٹ سے کاڑھئے
جب دسوں نشان بھر جائیں تو حسب نقشہ بیگ کے دونوں حصے تراش کر اندر استر لگا کر سی لیجئے اور تاگے ڈال لیجئے۔ کڑھا ہوا صرف
ایک ہی حصہ رہے گا۔ دوسرا رُخ سادہ رکھئے۔ آسان اور خوبصورت کام ہے ہر وقت استعمال کے لئے بیگ تیار ہے جب
میلا ہو جائے لکس پاؤڈر سے دھو ڈالئے۔

غدیر فاطمہ

وصلی کی دستکاری

پلیٹ

سامان:- وصلی - ابری - کپڑا کوئی سنہری - لئی - جس میں نیلا تھوتھہ ضرور ملا ہو -



جتنا بڑا پیڈ بنانا ہو اِس لحاظ سے کتاب کی جلد کی طرح وصلی کے دو ٹکڑے برابر کاٹ لیجیے اگر لمبان ۱۲ انچ ہے تو چوڑان ۸ انچہ ضرور ہو ان دونوں ٹکڑوں کو ایک انچہ فاصلہ سے کسی میز یا تختہ پر رکھکر ایک کپڑے کی پٹی کے ذریعہ دونوں کو جوڑ لیجیے مگر دونوں ٹکڑوں کے درمیان کپڑے کا فاصلہ ایک انچہ ضرور ہو تاکہ وصلی ملک پیڈ کے کھلنے بند ہونے میں رکاوٹ نہ ڈالے اب کپڑے ہی کے دو خوبصورت بٹن ہول بناکر اس کے ایک حصہ میں لگائیں اور درمیان کے کپڑے کے کنارے اندر کی جانب موڑ کر صاف کرلیں۔ پھر کپڑے ہی کے کونے کاٹ کر چاروں کونوں پر لگائیں اور کنارے اندر کی طرف صفائی سے موڑ دیں اور درمیانی حصہ پر ابری کاٹ کر لگا دیں جب کور مکمل ہو جائے تو اندر کی طرف دونوں حصوں پر ابری چڑھائیں اور ابری ہی کو کسی ہلکے پٹھے پر چڑھا کر حسب نقشہ تہہ کاٹ کر اوپر تلے رکھکر لئی سے چپکا دیں۔ لئی ایسے لگائیں کہ کناروں کے سوا کہیں نہ لگے ورنہ تہہ اندر سے چپک جائے گی دونوں حصوں پر اسی طرح تہہ لگائیں جیسے نقشہ میں نظر آرہی ہے اور بٹن لگا کر تہہ کرکے کاج میں لگا دیں۔ ہاں اوپر کھلے حصے میں کوئی پینری لگائیں یا ڈرائنگ سے پھول بنالیں اگر ابری کی جگہ ہلکے قسم کا میل کلاتھ استعمال

(باقی صفحہ ۱۶ پر)


اپلیک ورک

نیا طریقہ

سادہ کترنوں کا کام تو بہنیں بہت بنا چکی ہیں۔ اب اپلیک کا نیا طریقہ تحریر کرتی ہوں بڑے بڑے پھول اور پتوں کا نقشہ آرائشی اشیا مثلاً ٹیکوزی کشن۔ انگیٹھی چادر۔ پردوں وغیرہ پر بنایئے اور ان پر پتوں اور پھولوں کے رنگوں کی موزونیت کا خیال رکھتے ہوئے کپڑے کے پتے اور پھولوں کی پنکھڑیاں مہین دھاگے اور سوئی کے ذریعے چپاں کر لیجئے اب رنگین چمکدار ریشم یا سنہری روپیلی کلابتون کو سڈول اور لمبی سوئی میں پرو کر پتوں پر جال بنایئے یہ جال بہت پاس پاس ہو اس کو لہریا اسٹیچ سے بنایا جائے گا۔ اس طرح بنایا ہوا پھول پتہ بے حد خوبصورت اور چمکدار معلوم ہوگا۔ جانوروں کی بڑی بڑی تصویریں اچھے اچھے منظر۔ عمارتوں کے نقشے اس طرح بنائے ہوئے اپنی مثال آپ ہوتے ہیں اور زیادہ محنت کا کام بھی نہیں۔

ڈال اور تنہ کشیدہ سے بنایئے۔

ایک ٹانکہ پتی کے ایک سرے پر سیدھا اور دوسرا ٹانکہ بالکل اسی طرح پتی کے دوسرے سرے پر لیجئے۔



لہر اس طرح بنایئے۔

بقیہ مضمون صفحہ ۱۵ :۔ کریں تو یہ پیڈ سالہا سال کام دے سکتا ہے۔ یہ پیڈ ضروری کاغذات اور تصاویر رکھنے کے کام آتے ہیں اور بازار میں ان کی قیمت بہت ہوتی ہے۔ اسی طرح تصویروں کے البم بھی بنائے جا سکتے ہیں۔





تہہ اس طرح خوبصورتی سے اور کچھ چھوٹی بڑی کر کے کاٹیں زیادہ مضبوطی منظور ہو تو کناروں پر گوٹ لگا لیں۔

ارجمند بانو۔ آگرہ

کٹ ورک ٹی کوزی



یہ لائن ڈورے نکال کر بنائیے۔

مندرجہ بالا ٹی کوزی کٹ ورک (قطع کرکے) بنائیے کراس (×) کے نشانات قطع ہوں گے (HOT TEA) ڈورے نکال کر تیار کیجئے۔ یہ نقشہ سنگر مشین سے بھی بنایا جا سکتا ہے۔ کپڑا بہت احتیاط سے تراشئے۔

نورجہاں ابراہیم علی گڑھ

طبع زاد


مکھی ٹانکہ کڑھت — فلائی اسٹچ

کاڑھنے کا طریقہ

یہ کڑھت جس قدر آسان ہے اس سے زیادہ خوبصورت اور نازک ہے D.M.C کے دھاگوں سے یہ نفیس کڑھت بہت ہی جاذب نظر ہوتی ہے یہ ٹانکہ متعدد چیزوں پر کاڑھ سکتی ہیں۔ کاڑھنا مندرجہ ذیل طریقے سے سیکھئے۔

ابتدا :۔ نمبر(۱) شکل کی طرح سوئی لائین کے نیچے A میں سے نکالئے۔ اب B میں سوئی چبھو کر C میں سے نکال کر دھاگے کو سوئی کے نیچے ڈال کر پھر سوئی آہستہ سے کھینچ لیجئے دیکھئے شکل نمبر(۲) (ذیل میں جو بیل دی گئی ہے آپ ٹی کوزی پر نقشہ ٹی کوزی کی طرح تین پھول بنائیے) اب اس سوئی کو واپس نمبر(۳) کی طرح C میں گذاریں پھر B میں سے نکالیں۔ جس طرح جدید کڑھت میں ایک پنکھڑی ٹانکہ لگانے کے لئے بتایا گیا ہے (جدید کڑھت کاڑھنے کے طریقہ میں ملاحظہ ہو) دیکھئے نمبر(۴) (۵) پھر D میں سے سوئی گذار کر E سے نکال کر دھاگہ کو سوئی کے نیچے یعنی پھندہ ڈال کر سوئی نکالیں جیسا کہ A.B.C بناتے وقت دیکھایا گیا ہے نمبر(۲) کی طرح ٹانکہ لگا کر D میں گذاریں دیکھئے نمبر(۶) اس طرح فلائی اسٹچ سے پھول پتے بیل وغیرہ بنائی جائیں گی۔


ذیل میں ٹی سیٹ کا فل ڈزائن دے رہی ہوں جس سے آپ بخوبی بنانے کا طریقہ سیکھکر اندازہ لگا سکیں گی۔ اسی طریقے پر فلائی اسٹچ تیار کیا جاتا ہے دیکھئے نمبر(۷) تیار شدہ پھول۔



فلاتی اسٹچ

ہکی ٹانکہ کڑہت


نفیس ٹی سِٹ




زہرہ غلام محمد شیخ۔ ڈپٹی کلکٹر


ستاروں کا کام

بوٹیاں




یہ بوٹا حسب پسند
رنگوں سے بنایا
جائے





یہ تمام بوٹا ستاروں
سے بنایا جائے
پھول گلابی
پتی سبز
پھول کے درمیان کاسنی
گملہ
نہایت خوبصورت معلوم
ہوگا



جمیلہ خاتون بنت عبدالرحمٰن خاں

شامِ زندگی کا تیئسواں ۲۳ ایڈیشن

مصورِ غم حضرت علامہ راشد الخیریؒ مرحوم کی اس غیر فانی تصنیف سے زیادہ گذشتہ چوتھائی صدی میں اور کوئی کتاب مقبول نہیں ہوئی تئیس دفعہ چھپ چکی ہے لیکن مانگ کا وہی حال ہے جو شروع میں تھا جو مرد چاہتے ہیں کہ اُن کی بیویاں ان کے مزاج کے موافق ہو جائیں شام زندگی کو انھیں پڑھواتے ہیں اور جو عورتیں آرزو رکھتی ہیں کہ اُن کا گھر رشکِ جنت بن جائے وہ شام زندگی کو پڑھتی ہیں۔ اور اس کی مدد سے اپنے خاوند کا دل موہ لیتی ہیں جنھیں اولاد کی تربیت کا خیال ہے اُن کے لئے شام زندگی بہترین اتالیق ہے۔ شام زندگی میں مصنف نے طور پر ایک لڑکی کا حال لکھا ہے کہ اس نے شادی سے لے کر مرنے کے وقت تک کیوں کر زندگی بسر کی۔ زندگی کے کسی شعبہ اور حیات کے کسی مرحلہ کو جس سے ہو کر عورت گزرتی ہے نظر انداز نہیں کیا۔ پھر پیرایہ اس قدر دلچسپ کہ چند صفحے دیکھ کر کتاب ہاتھ سے چھوڑ دیجئے تو ہم قیمت مع محصول واپس دینے کو تیار ہیں اور موثر اتنی کہ قوم نے اسی کی وجہ سے مصنف کو مصورِ غم کا خطاب دیا تھا ہر باب آنکھوں کو پُرنم کر دیتا ہے۔ غرض شام زندگی بڑی ہی کامیاب کتاب ہے کسی اعتبار سے کوئی عیب اس میں نہیں ملتا محاسن ہی محاسن ہیں۔ ایک جلد طلب فرمالیجئے آپ کے تمام خاندان اور احباب میں پہنچ جائے گی۔ عورت اور مرد سب اس پر شیدا ہو جاتے ہیں۔ تمہارے دکھے ہوئے دل کا علاج تمہارے دل کا بہلاوا، انہاری آنکھوں کی ٹھنڈک شام زندگی اور صرف شام زندگی ہے شام زندگی نے سیکڑوں جانوروں کو انسان بنا دیا۔ لامذہبوں میں مذہبیت پیدا کر دی اور گم گشتہ راہوں کو راہ پر لگا دیا۔ جو شخص شام زندگی سے محروم ہے اور شام زندگی سے فائدہ حاصل نہ کرے اس کی تقدیر ہے ورنہ شام زندگی نے دین و دنیا کی درستی کا سامان پیش کر دیا ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنے

صبحِ زندگی

یہ شام زندگی کا پہلا حصہ ہے شام زندگی میں نسیمہ بیگم کی شادی سے موت تک کے حالات پڑھنے سے پہلے ذرا ان کا کنوارپنا بھی دیکھ لو۔ اس سے تمہیں پتہ لگے گا کہ ایک لڑکی کی پیدائش سے شادی تک کیونکر تعلیم و تربیت کرنی چاہیے حضرت علامہ راشد الخیریؒ اس قسم کے مضامین کو دلچسپ اور موثر بنا دینے میں جو ملکہ رکھتے تھے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ صبح زندگی لڑکیوں کی تربیت پر اس سے بہتر کتاب نہیں لکھی گئی۔ قصہ اس قدر دلچسپ کہ شروع کر کے ختم کئے بغیر نہ رہا جائے۔ زبان اتنی شیریں کہ بار بار پڑھنے کو جی چاہے۔ صبح زندگی میں درد، بیان، کیف زبان اور زندگی کا سامان سب کچھ موجود ہے۔ چھ مرتبہ چھپ چکی ہے۔

قیمت صرف دو روپے۔ (۲ روپے)

شبِ زندگی

صبح زندگی میں نسیمہ کے بچپن اور جوانی کو دکھایا ہے۔ شام زندگی میں اسے آخری منزل تک پہنچایا ہے شب زندگی میں موت کے بعد کے حالات پڑھو جن سے معلوم ہوا کہ نسیمہ نے دنیا میں وہ کون سے کام کئے تھے کہ حوریں استقبال کرتی ہیں۔ اور وہ کونسی دو عورتیں ہیں جن میں ایک دوزخ میں خوش اور دوسری جنت میں بھی مقید ہے۔ نسیمہ کی بہو وسیم دلہن کی جگر خراش داستان اور اُس کی سوکن نسترن کے مفصل بیان سے ممکن ہی نہیں کہ دل پر گہرا اثر نہ ہو۔ شب زندگی خود پڑھو اور اپنے بیوی بچوں کے سامنے نسیمہ کا پاک نمونہ پیش کر کے انھیں اس جیسا بناؤ کہ وہ کامیاب زندگی گذاریں۔ دنیا کے ساتھ دین بھی حاصل کریں۔ یہاں بھی اچھے نتائج پائیں اور وہاں بھی اچھے پھل کھائیں۔ اس کے نمیں ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ قیمت ۲ روپے

شبِ زندگی حصہ دوم

بتائے گی کہ دنیا کی بدترین مخلوق وسیم دلہن کس طرح ایک خدا ترس اور نیک بی بی بن جاتی ہے اور اور اس کے بچھڑے ہوئے لعل کس طرح اس سے ملتے ہیں۔ کتاب کی ہیروئن فاطمہ ساس اور شوہر کے نام مظالم سہتی اور ایسی ایسی قربانیاں کرتی ہے تاکہ آپ دنگ رہ جائیں گے۔ اتنا دلکش پلاٹ ہے کہ اردو کی کسی کتاب میں ملنا ناممکن ہے۔ یہی وہ بے مثل کتاب ہے جو علامہ محترم نے اپنی بہو محترمہ خاتون اکرم کو رونمائی میں دی تھی۔ کاغذ لکھائی چھپائی نہایت عمدہ اس کے بھی سولہ ایڈیشن نکل چکے ہیں۔

قیمت صرف ایک روپیہ چار آنے (۱۴؍) شب زندگی مکمل دونوں حصے دو روپے آٹھ آنے (۸؍۲)

محصول ڈاک بذمہ خریدار

ملنے کا پتہ عصمت بک ڈپو کوچہ چیلان دہلی

تاریخی لطیفے
دنیا بھر کے نامور مصنفین شاعروں بادشاہوں شہزادیوں وغیرہ کے لطیفے جو نہ دائرۂ تہذیب سے باہر ہیں نہ فرضی من گھڑت ان سے ہنسی بھی آئے گی معلومات بھی بڑھے گی۔ قیمت ۱۲؍

ہنسی کی باتیں
یہ کتاب ہندوستان کے معزز گھرانوں کی محترم خواتین کے لئے نئے طبع زاد مہذب لطیفے ہیں جنھیں پڑھ کر سنجیدہ انسان بھی ہنسے بغیر نہ رہ سکے۔ لطف یہ ہے کہ وقار تہذیب سے گرا ہوا کوئی لطیفہ نہیں مہذب ظرافت کی بہترین کتاب ہے۔ قیمت ۸؍

تندرستی بہار نعمت
محترمہ لہرو بیگم صاحبہ فیضی بمبئی کے نہایت مفید مضامین جنھیں صحت قائم رکھنے کے لئے چند اصول بڑی خوبی سے بیان فرمائے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ اپنی سیاحت امریکہ اور یورپ کے تجربات بھی تحریر فرمائے ہیں قیمت صرف ۵؍

بچوں کی تربیت
بچوں کی پرورش اور تربیت پر بہترین کتاب پہلے شریف گھرانوں میں بچوں کی پرورش میں جن جن باتوں کا خیال رکھا جاتا تھا جن بیماریوں پر اشرفیاں خرچ کی جاتی ہیں اس وقت پیسوں میں کام ہو جاتا تھا۔ وہ سب اس میں جمع کی گئی ہیں۔ قیمت ۱۴؍

پردہ و تعلیم
اس کتاب سے معلوم ہوگا کہ تعلیم نسواں کی طرف سے غفلت کرنے سے مسلمانوں کو کیسا شدید نقصان پہنچ چکا ہے اور اب ان کی ترقی و بہتری کی کیا صورت ہے اس کتاب میں پردہ پر مختلف پہلوؤں سے بحث کی گئی ہے اور قرآن وحدیث سے ثابت کیا گیا ہے کہ ہندوستان کا مروجہ پردہ درست نہیں ہے۔ قیمت [illegible]

خواتین اندلس
اندلس یعنی اسپین میں مسلمانوں نے ۸۰۰ سال تک حکومت کی ہے مسلمانوں کے زمانہ میں سرزمین اندلس (اسپین) نے ایسی ایسی باکمال خواتین پیدا کی تھیں جنھوں نے علوم وفنون کے دریا بہا دیئے تھے یہ انکا تذکرہ ہے جس سے معلوم ہوگا کہ اس زمانہ میں طبقۂ نسوان کیسی کیسی اعلیٰ پایہ کی شاعر ادیب مصور، بذلہ سنج لطیفہ گو، حاضر جواب موجود تھیں قیمت ۸؍

زنانہ بستہ
دس چھوٹی کتابوں کا مجموعہ (۱) بسم اللہ کی کتاب (۲) کہانیوں کی کتاب (۳) کھیل کی کتاب (۴) لکھنے کی کتاب (۵) نماز کی کتاب (۶) کھانا پکانے کی کتاب (۷) تندرستی کی کتاب (۸) تہذیب ادب اخلاق کی کتاب (۹) پردہ کی کتاب (۱۰) خانہ داری کی کتاب یا دلہن کا اصلی جہیز۔ جو کتاب جس مضمون پر ہے مکمل ہے، بچیوں اور لڑکیوں کے لئے زنانہ بستہ نہایت ہی مفید اور بڑے کام کی کتاب ہے قیمت صرف [illegible]

دیہاتی گیت
نامور ادیب ڈاکٹر ایم کردی نے دیہاتیوں کے گیت بڑی محنت سے جمع کئے ہیں اور ان کے معنی اور مطلب بھی عام فہم زبان میں بیان کئے ہیں قیمت ۱۲؍

بچوں کے لئے بچوں ہی کی زبان میں ۵ کتابیں

مختصر دنیا
انگریز سیاح گلیور اب بالشتیوں کی دنیا میں پہلے گئے تھے جنھیں بالشتئے دیو کہتے تھے سیاح کبھی درجنوں بالشتیوں کو ہتھیلی پر اٹھا لیتا تھا اور سینکڑوں بالشتیوں کا جو کھانا اہتمام سے تیار ہوتا تھا ایک لقمہ میں ختم کر دیتا تھا بڑی مزیدار کہانی ہے قیمت ۶؍

بچوں کی دنیا
روس کے مشہور مصنف ٹالسٹائی کی ان کہانیوں میں سے جو بچوں کے لئے مصنف نے لکھی تھیں پانچ بہترین کہانیوں کا ترجمہ بچوں ہی کی زبان میں کیا گیا ہے جن سے علاوہ دلچسپ ہونے کے بچوں کے اخلاق درست ہوتے ہیں انھیں نیکی بہادری حب الوطنی ہمدردی ایثار کے جذبات پیدا ہوتے ہیں قیمت ۱۲؍

مزیدار کہانیاں
چھوٹے بچوں کے مطلب کی انہی کی زبان میں لکھی ہوئی کہانیاں اس قدر دلچسپ کہ بغیر ختم کئے بچے چھوڑ نہ سکیں با تصویر قیمت ۸؍

جاپانی کہانیاں
مسز فضلی صاحبہ نے اپنے شوہر کے ساتھ جاپان میں کئی سال رہ کر بچوں کے مطلب کی نہایت عمدہ سبق آموز کہانیاں جمع کی ہیں اور بڑی قابلیت سے اردو میں لکھی ہیں جاپانی بچوں کی یہ بہت مشہور پسندیدہ کہانیاں ہیں تصویریں بھی دی گئی ہیں۔ قیمت [illegible]

شہزادی نیلوفر
اور دوسری نہایت مزیدار دلچسپ کہانیاں چھوٹے بچوں کیلئے از محترمہ سرور جہاں صاحبہ۔ قیمت [illegible]

آئینۂ موٹر
موٹر کے متعلق اردو میں [illegible] شائع ہو چکی ہیں مگر وہ سب مل کر آئینۂ موٹر کا پاسنگ بھی نہیں ہیں۔ اس کتاب میں موٹر انجن کے ہر حصے کے اصول سلیس اور عام فہم عبارت میں سمجھائے گئے ہیں اس کتاب کی مدد سے ہر پرزے کے متعلق کافی واقفیت ہو جاتی ہے۔ ڈرائیور اور ورکشاپ کی پریشانیوں کی نوبت نہیں آتی اور بہت سا روپیہ اور وقت ضائع ہونے سے محفوظ ہو جاتا ہے قیمت [illegible]

آفتاب زندگی
مولانا سیماب اکبرآبادی نے اس دلچسپ قصہ میں ایک لڑکی کے کنوار پنے کے حالات دلنشین پیرایہ میں لکھے ہیں اور فضول اور نقصان دہ رسموں پر مدلل بحث کی ہے واقعات دلآویز اور طرز بیان دلکش ہے قیمت ۸؍

شباب زندگی
آفتاب زندگی کا دوسرا حصہ ہے جس میں شمس النساء کی شادی اور بعد کے حالات ہیں اس ضمن میں جو مصائب اور تکلیفیں اور جو آرام اور راحتیں اس نے اٹھائیں اور جو تجربے اس نے حاصل کئے وہ سننے اور پڑھنے اور گرہ میں باندھ لینے کے قابل ہیں۔ قیمت ۸؍

پھول پھلواری
پھولوں کی کاشت کیاری اور باغیچہ کی نگہداشت اور انگریزی ہندوستانی اور ہر قسم اور ہر موسم کے پھولوں کے متعلق نہایت مفید اور کارآمد معلومات اور عورتوں کے لئے قابل قدر تحفہ۔ قیمت ۱۴؍


عصمت بک ڈپو دہلی

دستکار بہنوں کی محفل

جوابات

محترمہ بہن عائشہ نواب عبدالحمید صاحبہ کی فرمائش پر سنگر مشین کا پرزہ لگانے کی ترکیب درج ہے۔

جب پرزہ سے کاڑھا جاتا ہے اس کی شکل یہ ہے



اسکو نکال کر الگ کر لیجئے اور جس مقام پر کپڑا رکھتے ہیں سینے کے لئے اس پر یہ پرزہ فٹ کر لیجئے اس کی شکل بھی اس پرزے سے ملتی جلتی ہوتی ہے پرزہ کے ٹیک اس میں فٹ کر لیجئے اور رائٹے فریم میں کپڑا خوب کس کر نقشہ بنا کر کاڑھئے۔

کاڑھنے کی ریل اب عام طور سے نہیں ملتی کہیں کہیں ملتی ہیں وہ بھی اتفاقیہ اور رنگ بھی حسب مرضی ملنا دشوار ہے شٹیل جس سے کام بنتا ہے لکڑی کے بہت عمدہ ہوتے ہیں ایک شٹیل سے لیکر چار پانچ شٹیلوں کو ملا کر بڑی بڑی بیلیں بھی بنتی ہیں۔ یہ شٹیل یہاں سہارن پور میں بنتے ہیں اور اُن کی قیمت ایک روپیہ فی شٹیل ہوتی ہے نمونہ دیکر بھی بڑھئی سے بنوایا جا سکتا ہے اگر کسی بہن کو اُن کے شہر میں دستیاب نہ ہوں تو ایڈیٹر جوہر نسواں کی معرفت منگوا لیں۔

مجھکو تکیہ پوش کے لئے کروشیا کے پھول کی ضرورت ہے جو علیحدہ بنا کر پھر بعد میں جوڑتے ہیں جن بہن کو علیحدہ پھول بنانا آتا ہو تو براہِ مہربانی جوہر نسواں میں ارشاد فرمائیں۔ دوسرے کراس اسٹچ ورک کی کڑھائی نہیں آتی ہے جن بہن کو آتی ہو اسکو جوہر نسواں دہلی میں چھپوا دیں تاکہ بہت سی ناواقف بہنیں اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔

بلقیس جہاں بیگم دختر سید شمس الحق مالوہ

باورچی خانہ

شیرمال کے ٹکڑے

شیرمال خشک ۲ عدد۔ شکر آدھ سیر۔ گھی ایک پاؤ۔ زعفران کیوڑہ اور خشک میوہ حسب ضرورت۔

شیرمال کو خوب سُکھا کر باریک کوٹ لیجئے۔ گھی کو کسی قلعی دار دیگچی میں ڈال کر بڑی الائچی کے دانوں کا بگھار دیجئے اور ایک کٹورہ پانی ڈال کر جلدی سے ڈھکنا بند کر دیجئے پھر فوراً شکر ڈالکر چمچہ سے چلائیے جب اچھی طرح پکنے لگے تو شیرمال کے کُٹے ہوئے ٹکڑے ڈال کر پکنے دیجئے۔ جب اچھی طرح گل جائیں تو اتار کر زعفران کیوڑہ اور میوہ ڈالدیں۔ اگر ایک کٹورہ پانی میں اچھے نہ گلیں تو اور پانی ڈالدیں۔

شاہی ٹکڑے

ماہ نومبر کے رسالہ جوہر نسواں میں مس عزیز فاطمہ نگہت نے شاہی ٹکڑوں کی ترکیب معلوم کی ہے جو درج ذیل ہے۔

مندرجہ ذیل اشیا منگا لیجئے

ڈبل روٹیاں	شکر دانہ	گھی دیسی	دودھ	الائچی خورد
۴ عدد	ایک سیر	ایک سیر	آدھ سیر	ایک چھٹانک

کیوڑہ ۱؎

ترکیب

پہلے سب ڈبل روٹیوں کے گول چار چار یا پانچ پانچ ٹکڑے کر لیں اسکے بعد ٹکڑوں کو تھوڑا تھوڑا گھی کڑھائی میں ڈال کر تل کر دودھ میں ڈالتی جاؤ جب سب تل جائیں تو آدھ سیر گھی میں الائچیاں ڈالکر کڑکڑا لو پھر شکر ڈالکر قوام کر لیں جب خوب گاڑھا ہو جائے تو سب ٹکڑے اس میں ڈالدو پھر کڑھائی نیچے اتار لو اور ٹھنڈے ہونے پر کیوڑہ چھڑک دو پھر پلیٹوں میں نکال کر نوش فرمائیے بہت لذیذ ہوں گے۔

انیسہ خاتون دختر منشی احمد حسن صاحب مرحوم مراد آباد

حضرت علامہ راشد الخیری کے مضامین کے متفرق مجموعے

[illegible]	[illegible] مؤثر مضامین	۱۲ر
[illegible]	عورتوں کو [illegible] کھانے [illegible] کے لیے	
سلام و حقوق	حقوق نسواں کی حمایت میں [illegible] مضامین	
نالۂ زار	عورتوں کی مظلومیت کا مرقع، [illegible] کی دردانگیز داستان	۱۲ر
بلبل بیمار	لڑکیوں کی تربیت اور تعلیم [illegible] خیالات	
ساحر موہنی	تسخیر شوہر کا راز میاں بیوی کے تعلقات کی خوشگواری کا نسخہ	۵ر
شادی کا انتخاب	اولاد کی شادی کے وقت کیا باتیں ضرور دیکھی جائیں	
قریب ہستی	مسلمان گھرانے اندر ہی اندر کس طرح کھوکھلے ہو رہے ہیں	۵ر
[illegible]	اور دوسرے مضامین جنہیں پڑھ کر لڑکیاں [illegible] کی قدر کریں گی	۵ر
[illegible] مغرب	خواتین کے ملک کے چند بہترین [illegible] مضامین کے عام فہم ترجمے	
بکھری ہوئی پتیاں	مختلف موضوعوں پر متفرق مضامین کا دلکش مجموعہ	

تصانیف محترمہ خاتون اکرم مرحومہ

[illegible] ہمنشین	فلسفیانہ و شاعرانہ مضامین مع دیباچہ علامہ راشد الخیری مرحوم	
گلستان خاتون	[illegible] لٹریچر کے [illegible] رسالوں کا [illegible] آرٹ کاغذ [illegible] سوم	
[illegible]	ایک [illegible] افسانہ [illegible] چہارم	۸
[illegible]	ایک مختصر افسانہ [illegible] افسانہ نگاری کا اعتراف [illegible]	

تصانیف محترمہ نذر سجاد حیدر صاحبہ

[illegible]	مصنفہ کا بہترین ناول جس کے صرف ایک اعلان پر پانچ سو درخواستیں آ گئی تھیں	
[illegible]	مصنفہ کا بہت مشہور [illegible] اصلاحی ناول [illegible] دلچسپ	

تصانیف محترمہ صغرا ہمایوں مرزا ایم آر اے ایس

[illegible]	ایک دلچسپ اخلاقی ناول [illegible] علوم ہوتی ہیں	۵ر
سرگذشت ہاجرہ	دلچسپ سبق آموز قصوں کے [illegible]	
تحریر النساء	مستورات کے لیے [illegible]	
[illegible]	اخلاقی معاشرتی افسانہ [illegible]	۴

تصانیف محترمہ بلقیس بیگم (بی اے) صاحبہ

[illegible]	گھرداری کے متعلق [illegible] کے لیے	
مفید نسواں	خانہ داری کے [illegible] مضامین	

تصانیف محترمہ حجاب امتیاز علی

[illegible]	چھوٹے چھوٹے لطیف [illegible]	
[illegible] موت	شاعرانہ خیالات تخیل کی [illegible]	۱

دیگر تصانیف محترمہ آمنہ نازلی ادیب فاضل

دولت پر قربانیاں	روپیہ کے لالچ میں [illegible]	
تاریخی لطیفے	دنیا کے نامور [illegible]	
[illegible] کی باتیں	[illegible] سوم	
عقل کی باتیں	بڑے بڑے [illegible]	

تصانیف محترمہ [illegible] جہاں [illegible] بی اے

پھول پھلواری	پھولوں کی کاشت [illegible] کا حال	
ہزاری نیلوفر	اور دوسری کہانیاں [illegible] کی نہایت دلچسپ	

تصانیف منشی پریم چند

دودھ کی قیمت	منشی جی کی زندگی کے آخری [illegible] سال کے بہترین افسانے	
روحانی شادی	دلچسپ اور [illegible]	

تصانیف مولانا رازق الخیری

[illegible] کی بیٹی	حضرت [illegible] کی [illegible] حال	
وداع راشد	حضرت علامہ راشد الخیری [illegible]	
[illegible] کہانی	[illegible]	

تصانیف [illegible]

بچوں کی تربیت	[illegible]	۱۲
حلیمہ	ایک [illegible]	

[illegible] لنات [illegible]

[illegible] کی دستکاری	[illegible]	۱
لکڑی کا باریک کام	[illegible]	

تصنیفات [illegible]

زمانہ [illegible]	بچیوں کے لیے [illegible]	
آفتاب زندگی	ایک لڑکی کے [illegible]	
شباب زندگی	آفتاب [illegible]	

صاحبزادہ ولی [illegible]

مختصر دنیا	[illegible]	
اشارات [illegible]	لڑکیوں کو خط و کتابت سکھانے [illegible]	
اچھوتا سفر	ایک [illegible] سفر [illegible]	

علمی و ادبی تصانیف

دیہاتی گیت	ڈاکٹر اعظم کریوی [illegible]	۱۲
[illegible]	مولوی [illegible]	
[illegible]	ڈاکٹر [illegible]	
پردہ و تعلیم	ہندوستان کے [illegible]	
[illegible]	سپین میں مسلمانوں کے عہد [illegible]	
افسانہ حرم	دس کہانیاں لڑکیوں کے لیے [illegible]	۱۲
[illegible] صدیقہ	ام المومنین کے منظوم حالات [illegible]	۴

بچوں اور بچیوں کے لیے [illegible]

جاپانی کہانیاں	[illegible] جاپان کی [illegible]	
[illegible] دنیا	[illegible]	
مزیدار کہانیاں	[illegible]	

زنانہ کتابیں

شمع ناتوس	مرحومہ [illegible] بیگم لکھنوی کی [illegible]	
آئینہ بسال	دور حاضرہ کی مشہور [illegible]	

عورتوں کی خاص کتب

رحمت [illegible]	[illegible] ڈاکٹر نصیر الدین احمد [illegible] کتاب [illegible] تصویر [illegible]	
سنگھار [illegible]	عورتوں کے لیے سنگھار و آرائش [illegible]	

نامور افسانہ نگار خواتین کے افسانے اور ناول

انوری بیگم	[illegible] اول [illegible] سوم	
غیرت کی پتلی	[illegible]	
شہید وفا	[illegible] الوحی کے دلچسپ مختصر افسانے [illegible] دوم	
چار رنگ	چار عورتوں کی آپ بیتی [illegible]	
فیروزہ	محترمہ [illegible] بیگم۔ ایک دولت [illegible]	۱۲

نہایت کارآمد کتابیں

صنعت و حرفت	[illegible] کا علاج [illegible]	
[illegible]	[illegible]	۵ر
[illegible] کی چھپائی	[illegible] معلومات	۱۲
آئینہ موٹر	موٹر کی [illegible]	

[illegible]

مصورِ غم حضرت علامہ راشد الخیری کی تصانیف

تاریخ و سیرت

- آمنہ کا لال — اردو زبان میں سیرت شریف کی بہترین کتاب۔
- سیدہ کا لال — مکمل و مفصل تاریخ شہادت امام کے دردناک نہایت بہترین پُر اثر۔
- الزہرا — جگر گوشۂ رسول حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا کی بے نظیر سوانح عمری مع فوٹو۔
- نوبت پنج روزہ — آخری بادشاہ دہلی کے پایۂ تخت کی حالت۔ باتصویر۔
- وداعِ خاتون — شہیدہ ام المومنین خاتون اکرم کی مبارک زندگی پر خون کے آنسو۔
- امین کا دم واپسیں — ملکہ زبیدہ خاتون کے نکتہ ... ہارون الرشید کے دردناک قتل کے حالات
- دلی کی آخری بہار — [illegible]
- بزمِ رفتگاں — اردو و نثر کے بے مثل مرثیے باکمال ادیبوں اور شعراء کی یاد میں باتصویر
- ہندوستان پارینہ — [illegible]

اصلاحی معاشرتی ناول

- حیاتِ صالحہ — دلی کی بیگماتی زبان میں بہترین اخلاقی و اصلاحی سبق آموز ناول
- منازل السائرہ — ایک شریر لڑکی کی پیدائش سے موت تک کے واقعات نہایت دلچسپ و مؤثر
- صبحِ زندگی — سیرہ کی پیدائش سے شادی تک کے حالات نہایت مؤثر پیرایہ میں
- شامِ زندگی — سیرہ کی شادی سے موت تک کے سبق آموز واقعات
- شبِ زندگی — سیرہ کی موت کے بعد کے حالات اصلاح نسواں کے سلسلہ میں بہترین تصنیف
- نوحۂ زندگی — بیوہ کے نکاح ثانی کے متعلق مصنف علیہ الرحمۃ کی معرکۃ الآرا تصنیف
- عروسِ کربلا — تیج رسوم شرکت و بدعت وغیرہ ... اصلاحی ناول
- ماہِ عجم / ... — [illegible]
- سراب مغرب — [illegible]

اصلاحی معاشرتی افسانے

- ستارۂ وقت — [illegible]
- سراب مغرب — مسلم مدارس میں مسلم لڑکیوں کی تعلیم کا مسئلہ مغربی تقلید کے دردناک نتائج۔
- جوہرِ ... — ایک بیکس لڑکی کی دردناک داستان جس کا نکاح والدین نے سوچے سمجھے بغیر کیا
- سوکن کا جلاپا — [illegible]
- سودائے نقد — جس میں شادی کرانا ... کا قصہ
- ماہِ عجم — جس میں سیدہ جیسی بیوہ کے نکاح ثانی ... کیا ہے
- تحفۂ شیطانی — ... سبق آموز ... بے نظیر۔
- نازو کے ... — جو ایک شیطان کی صورت کے ... ہیں
- دلی کا ... — [illegible] باتصویر
- ستونتی — [illegible]
- نواده — [illegible]
- ...عصمت — [illegible]
- ... کا بار — تین مختلف ... لڑکیوں کا ... دلچسپ ...
- ...زادی — [illegible]
- بچہ کا ... — ایک ... بچہ کی ... ہے۔
- ... — [illegible]

مختصر افسانوں کے مجموعے

- ... — [illegible]
- ... — [illegible] افسانے۔

(بائیں کالم)

- طوفانِ اشک — [illegible]
- قطراتِ اشک — اردو زبان میں ... افسانوں اور مضامین کا مشہور مجموعہ
- صدائے زاغ — [illegible]
- سوانح زندگی — [illegible]
- گوہرِ مقصود — [illegible]
- گلدستۂ عید — [illegible]
- گردابِ حیات — عورتوں کی اصلاح ... سبق آموز ... افسانے
- ساحلِ حیات — [illegible]
- حور اور انسان — [illegible]
- نشیب و فراز — [illegible]

ظرافتیہ افسانے

- نالیٔ ... — [illegible]
- دلائی نسیم — [illegible]
- دادا لال بجھکڑ — [illegible]

نظموں کے مجموعے

- رودادِ قفس — [illegible]
- گرفتارِ قفس — [illegible]

مذہبی مضامین

- احکامِ نسواں — [illegible]
- محسنِ حقیقی — [illegible]
- دعائیں — [illegible]
- قرآنی قصے — [illegible]
- زیورِ اسلام — [illegible]

ادبِ لطیف

- قلمِ عزیز — [illegible]
- لڑکیوں کی انشا — [illegible]
- سلی ہوئی پتیاں — [illegible]

سیاسی و نیم سیاسی مضامین

- تہذیبِ مغرب — [illegible]
- یادگارِ ... — حقوق نسواں کی حمایت میں ... مؤثر مضامین۔
- عالمِ نسواں — [illegible]
- ... — [illegible]

اسلامی تاریخی ناول

- ماہِ عجم — [illegible]
- عروسِ کربلا — [illegible]
- یاسمینِ شام — حضرت عمر فاروق کے زمانہ خلافت کی اسلامی ... ۔
- محبوبۂ خداوند — [illegible]
- تیغِ کمال — [illegible]
- شہزادی ... — [illegible]
- آفتابِ دمشق — [illegible]
- شاہینِ و دراج — [illegible]
- درِ شہوار — [illegible]

شہنشاہ کا فیصلہ — [illegible]

ملنے کا پتہ: عصمت بُک ڈپو دہلی

اکت ۱۹۴۷ء

جوہرِ نسواں دہلی

ادارہ

عذیر فاطمہ

آمنہ نازلی

سیدہ اشرف



تین روپے

حضرت علامہ راشد الخیری کے مضامین کے متفرق مجموعے

- **اندلس مشرق** — مغربی تہذیب کے زہر آلود اثرات خواتین کو محفوظ رکھنے کے لئے نہایت موثر مضامین — ۱۲ر
- **گدڑی میں لعل** — عورتوں کو سلیقہ شعار ہنرمند۔ کفایت شعار اور منتظم بنانے کے لیے۔ — ۸ر
- **مسلمان عورت کے حقوق** — حقوق نسواں کی حمایت میں درد و اثر میں ڈوبے ہوئے مضامین۔ — ۸ر
- **نالۂ زار** — عورتوں کی مظلومیت کا مرقع، اُن کے مصائب آلام کی درد انگیز داستان — ۱۴ر
- **بلبل بیمار** — لڑکیوں کی تربیت اور تعلیم اور بے بہا خیالات۔ — ۱۲ر
- **ساجن موہنی** — تسخیر شوہر کا راز۔ میاں بیوی کے تعلقات کی خوشگواری کا نسخہ۔ — ۵ر
- **شادی کا انتخاب** — اولاد کی شادی کے وقت کیا باتیں ضرور دیکھنی چاہئیں۔ — ۴ر
- **فریب ہستی** — مسلمان گھرانے اندر ہی اندر کس طرح کھوکھلے ہو رہے ہیں۔ — ۸ر
- **بیکسی کا آخری دن** — اور دوسرے مضامین جنہیں پڑھکر لڑکیاں کنوار پتے کی قدر کریں گی۔ — ۵ر
- **بہنستان مغرب** — خواتین کے مطلب کے چند بہترین انگریزی مضامین کے عام فہم ترجمے۔ — [illegible]
- **بکھری ہوئی پتیاں** — مختلف موضوعوں پر متفرق مضامین کا دلکش مجموعہ۔ — [illegible]

تصانیف محترمہ خاتون اکرم مرحومہ

- **جمال ہمنشین** — فلسفیانہ و شاعرانہ مضامین مع دیباچہ علامہ راشد الخیری مرحوم۔ — ۸ر
- **گلستان خاتون** — زنانہ لٹریچر کے بلند پایہ غیر فانی افسانوں کا حسین مجموعہ آرٹ کاغذ بار سوم — [illegible]
- **پیکر وفا** — ایک دلآویز سبق آموز نتیجہ خیز افسانہ بار چہارم — ۸
- **بچھڑی بیٹی** — ایک مختصر افسانہ جسے پڑھ کر مرحومہ کے کمال افسانہ نگاری کا اعتراف کرنا پڑتا ہے بار چہارم — [illegible]

تصانیف محترمہ نذر سجاد حیدر صاحبہ

- **نجمہ** — مصنفہ کا بہترین ناول جس کے صرف ایک اعلان پر پانچ سو درخواستیں آگئی تھیں — [illegible]
- **جان باز** — مصنفہ کا بہت مشہور اخلاقی اصلاحی ناول حد درجہ دلچسپ — [illegible]

تصانیف محترمہ صغرا ہمایوں مرزا ایم۔ آر۔ اے۔ ایس

- **مشیر نسواں یا زہرہ** — ایک دلچسپ اخلاقی ناول جس سے لڑکیوں کو بہت سی مفید باتیں معلوم ہوتی ہیں — ۵ر
- **سرگذشت ہاجرہ** — دلچسپ سبق آموز قصوں کے پیرایہ میں اصلاحی اخلاقی جواہرات کا ذخیرہ — ۸ر
- **تحریر النساء** — مستورات کے لیے جدید طرز پر خطوط جن میں کام کی باتیں بتائی گئی ہیں — ۸ر
- **موہنی** — اخلاقی معاشرتی افسانہ جس میں ایرانی معاشرت پر بھی دلچسپ معلومات ہیں — ۴

تصانیف محترمہ ملقیس بیگم (۹۔۱) صاحبہ

- **خانہ داری کے تجربات** — گھر داری کے متعلق بے بہا مشورے پھوہڑوں کو سگھڑ بنانے کے لیے — ۸ر
- **مفید نسواں** — خانہ داری کے تجربات کا دوسرا حصہ۔ تندرستی بیماری باورچی خانہ کے متعلق قیمتی مضامین — ۱۴ر

تصانیف محترمہ حجاب امتیاز علی

- **ادب زریں** — چھوٹے چھوٹے لطیف مضامین طرز بیان حد درجہ دلآویز — ۱۲
- **لمحات موت** — شاعرانہ خیالات تخیل کی بلندی۔ عبارت کی رنگینی۔ ہر مضمون درد میں ڈوبا ہوا — ۱۲ر

دیگر تصانیف محترمہ آمنہ نازلی ادیب فاضل

- **دولت پر قربانیاں** — روپیہ کے لالچ میں تعلیم یافتہ روشن خیال لڑکیوں کی شادیوں کے عبرتناک نتائج — ۱۴ر
- **تاریخی لطیفے** — دنیا کے نامور مصنفوں شاعروں بادشاہوں شہزادوں کی بذلہ سنجی حاضر جوابی کے نمونے — ۱۲ر
- **ہنسی کی باتیں** — عامیانہ اور بازاری لطیفے نہیں۔ مہذب ظرافت کی کتاب بار سوم — ۸ر
- **عقل کی باتیں** — بڑے بڑے پیغمبروں بادشاہوں ادیبوں فلاسفروں کے زریں اقوال — ۱۴ر

تصانیف محترمہ سرور جہاں رعنا بی۔ اے

- **پھول پھلواری** — پھولوں کی کاشت۔ اور باغیچہ کی نگہداشت موسموں اور بیجوں کا حال — ۱۴ر
- **شہزادی نیلوفر** — اور دوسری کہانیاں۔ چھوٹے بچوں اور بچیوں کے مطلب کی نہایت دلچسپ — ۸ر

تصانیف منشی پریم چند

- **دودھ کی قیمت** — منشی جی کی زندگی کے آخری ۲ سال کے بہترین افسانے — [illegible]
- **روحانی شادی** — دلچسپ اور نتیجہ خیز عبرتناک اور تفریحی ڈرامہ — ۱۲ر

تصانیف مولانا رازق الخیری

- **سیدہ کی بیٹی** — حضرت زینب کبریٰ کی مفصل و جامع سوانح عمری کربلا کا درد انگیز حال — [illegible]
- **وداع راشد** — حضرت علامہ راشد الخیریؒ کا ماتم داستان ذاتی اوصاف اور مختلف انسانی حیثیتوں کا دردناک تذکرہ — ۱۲ر
- **عصمت کی کہانی** — مشہور زنانہ رسالہ عصمت کی قریباً تہائی صدی کی تاریخ افسانے سے زیادہ دلچسپ — ۱۲

تصانیف مولوی عبدالغفار صاحب الخیری

- **بچوں کی تربیت** — یعنی والدین بچوں کی پرورش اور تربیت پر عام فہم زبان میں بے نظیر مشورے — [illegible]
- **سلیمہ** — ایک نیک لڑکی کی زندگی کے سبق آموز حالات دلچسپ پیرایہ میں — ۶ر

تالیفات سید رضا احمد صاحب جعفری

- **دہلی کی دستکاری** — کار زور زیا گتہ کے کام کی ماہر ہو کر عورتیں کس طرح مالی پریشانی دور کر سکتی ہیں — ۱۰ر
- **لکڑی کا باریک کام** — یعنی فریٹ ورک۔ یہ کام سیکھ کر معقول آمدنی کی صورت نکل سکتی ہے — ۱۰ر

تصنیفات مولانا سیماب اکبر آبادی

- **زنانہ بستہ** — بچیوں کے لیے دس مفید کتابیں بہت آسان زبان میں بار چہارم — [illegible]
- **آفتاب زندگی** — ایک لڑکی کے کنوار پتے کے دلچسپ اور سبق آموز حالات — ۸ر
- **شباب زندگی** — آفتاب زندگی کا دوسرا حصہ شادی کے بعد اسی عورت کے حالات — ۸ر

صاحبزادہ ولی احمد خاں صاحب ایم۔ اے۔ ایم۔ ایف

- **مختصر دنیا** — بالشتیوں کی دنیا میں ایک سیاح جا نکلا جسے بالشتئے دیو سمجھنے لگے۔ بار دوم — ۸ر
- **انشائے سلمیٰ** — لڑکیوں کو خط و کتابت سکھانے کے لیے پسندیدہ کتاب — ۱۲ر
- **اچھوتا سفر** — ایک مہاراجہ کے سفر انگلستان کے نہایت ہی دلچسپ حالات نصف صدی پہلے کے۔ — ۶ر

علمی و ادبی تصانیف

- **دیہاتی گیت** — ڈاکٹر اعظم کریوی نے بڑی محنت سے دیہاتی گیت جمع کر کے ان کا مطلب بیان کیا ہے — ۱۲ر
- **خیابان نسواں** — مولوی نصیر الدین ہاشمی کے دلچسپ پیرایہ میں عورتوں کے لیے مفید مضامین معاشرتی، اخلاقی مسائل — [illegible]
- **دامن باغباں** — ڈاکٹر سعید احمد بریلوی کے مختصر افسانے دلآویز پیرایہ میں — [illegible]
- **پردہ، تعلیم** — ہندوستان کے دو مشہور ادیبوں کے خیالات اپنی نوعیت کی ایک ہی کتاب ہے — ۸ر
- **خواتین اندلس** — سپین میں مسلمانوں کے عہد میں کیسی کیسی مدبر مدلسیح قابل خواتین گذری ہیں — ۸
- **افسانۂ حرم** — دس کہانیاں لڑکیوں کے لیے جن سے اچھی اچھی باتیں معلوم ہوں گی — ۱۲
- **مثنوی عائشہ صدیقہؓ** — اُم المومنین کے منظوم حالات زندگی بیحد موثر از حساب وقار واثقی — ۴ر

بچوں اور بچیوں کے لیے مزیدار کتابیں

- **جاپانی کہانیاں** — مسز فضل جاپان گئی تھیں وہاں سے بچوں کے لیے پسندیدہ تحفہ لائی ہیں — [illegible]
- **بچوں کی دنیا** — روسی مصنف ٹالسٹائی نے بچوں کے لیے جو کہانیاں لکھی تھیں ان میں سب سے اچھی کہانیاں — ۱۲ر
- **مزیدار کہانیاں** — واقعی ایسے مزے کی کہ ننھے بچے لطف لے کر بار بار پڑھیں باتصویر — ۸ر

زنانہ نظمیں

- **شمع خاموش** — مرحومہ سعید بیگم لکھنوی کی درد انگیز موثر نظموں کا مجموعہ مرتبہ مولانا رازق الخیری — ۸ر
- **آئینہ جمال** — دور حاضرہ کی مشہور شاعرہ محترمہ ملقیس جمال بریلوی کی ۸۰ نظموں کا مجموعہ — ۱۴ر

عورتوں کی خاص کتب

- **زچہ خانہ** — از کپتان ڈاکٹر نصیر الدین احمد صاحب۔ ہندوستانی عورتوں کے لیے اس سے بہتر کوئی اردو میں کوئی کتاب نہیں چھپی باتصویر ہے۔ دو حصے ہیں۔ حاملہ ۶ر زچہ ۶ر ہر دو حصے — [illegible]
- **سنگھار خانہ** — عورتوں کے لیے سنگھار و آرائش اور خوبصورتی کے قابل قدر مشورے۔ — [illegible]

نامور افسانہ نگار خواتین کے افسانے اور ناول

- **انوری بیگم** — از مسز خدیو جنگ مرحومہ۔ زنانہ لٹریچر کا مشہور و مقبول بلند پایہ ناول بار سوم — ۶ر
- **غیرت کی پتلی** — از محترمہ فاطمہ بیگم منشی فاضل۔ تین مختلف الخیال عورتوں کا افسانہ — ۸ر
- **شہید وفا** — محترمہ امۃ الوحی کے دلچسپ مختصر افسانے بار دوم — [illegible]
- **چار رُخ** — چار عورتوں کی آپ بیتی از محترمہ انیس فاطمہ — ۶ر
- **فیروزہ** — محترمہ جمیلہ بیگم۔ ایک دولتمند یتیم لڑکی کا درد بھرا مگر نتیجہ خیز افسانہ — ۱۴ر

نہایت کارآمد کتابیں

- **صنعت و حرفت** — از محترمہ امۃ الحفیظ۔ مختلف چیزیں بنانے کی تجربہ شدہ ترکیبیں مفلسی دور کرنے کا علاج تجارت کر کے کس طرح مالی حالت اچھی بنائی جا سکتی ہے — [illegible]
- **تندرستی ہزار نعمت** — از محترمہ۔ ہر انسان اپنی صحت قائم رکھنے کے اصول یورپ امریکہ کے مشاہدے — ۵ر
- **کپڑے کی چھپائی** — سائنٹفک طریقوں سے کپڑے کس طرح چھاپنے چاہئیں رنگوں کے متعلق معلومات — ۱۲ر
- **آئینہ موٹر** — موٹر کی مشینری سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے اردو میں سب سے بہتر کتاب — [illegible]

محصول ڈاک ذمہ خریدار۔ ملنے کا پتہ: عصمت بکڈپو کوچہ چیلان دہلی

جوہر نسواں

تیرھواں سال ۱۳	بابتہ ماہ اگست ۱۹۴۷ء	جلد ۲۶ نمبر ۶

اطلاع اختتام سال

جن خواتین کا سال خریداری اگست ۱۹۴۷ء پر ختم ہوتا ہے انہیں ستمبر کا پرچہ وی ۔ پی بھیجا جائیگا ان کے خریداری نمبر درج ذیل ہیں۔ ان بہنوں سے درخواست ہے کہ تین روپے سالانہ چندہ بذریعہ منی آرڈر بسبق ۔ جلد ممکن ہو بھیجدیں جنہیں آئندہ کے لئے خریداری منظور نہ ہو فوراً انکاری خط خریدار نمبر کے حوالے سے بھیجیں اگر ان کا چندہ یا انکاری خط ۱۰ ستمبر ۱۹۴۷ء تک نہ آیا تو اسکے یہ معنی ہوں گے کہ انہیں وی ۔ پی کا انتظار ہے لہذا ستمبر کا پرچہ ۱۰ ستمبر ۱۹۴۷ء کو بذریعہ وی ۔ پی سوا تین روپے کا حاضر خدمت ہو ۔ امید ہے کہ وی پی کی واپسی سے جوہر نسواں کی قدر دان بہنیں اپنے پرچہ کو نقصان نہیں پہنچائیں گی ۔ مینجر

۸۹۴۷-۸۹۴۸-۸۹۶۰-۸۹۸۴-۹۱۷۱-۹۱۹۰-۹۳۳۵
۹۳۷۹-۹۳۸۶-۹۳۸۷-۹۳۹۱-۹۳۹۲-۹۴۰۲-۹۴۱۰
۹۴۱۱-۹۴۲۱-۹۴۲۳-۹۴۳۰-۹۴۳۱-۹۴۳۵-۹۴۴۲
۹۴۴۵-۹۴۴۶-۹۴۵۰-۹۴۵۳-۹۴۶۳-۹۴۷۰-۹۴۷۵
۹۴۸۴-۹۴۸۵-۹۵۱۲-۹۵۵۵-۹۶۴۴-۹۸۴۹-۹۸۷۶
۱۰۲۱۴-۱۰۳۶۹-۱۰۴۷۹-۱۰۴۸۴-۱۰۴۸۵-۱۰۴۸۶-۱۰۴۹۸
۱۰۴۹۹-۱۰۵۰۳-۱۰۵۰۴-۱۰۵۰۷-۱۰۵۰۸-۱۰۵۱۲-۱۰۵۱۳
۱۰۵۱۴-۱۰۵۱۶-۱۰۵۱۸-۱۰۵۱۹-۱۰۵۲۲-۱۰۵۲۳-۱۰۵۲۴
۱۰۵۲۵-۱۰۵۲۷-۱۰۵۲۹-۱۰۵۳۰-۱۰۵۳۱-۱۰۵۳۲-۱۰۵۳۳-۱۰۵۳۶
۱۰۵۳۸-۱۰۵۳۹-۱۰۵۴۰-۱۰۵۴۱-۱۰۵۴۲-۱۰۵۴۳-۱۰۵۴۴-۱۰۵۴۵
۱۰۵۴۶-۱۰۵۴۷-۱۰۵۴۹-۱۰۵۵۱-۱۰۵۵۵-۱۰۵۵۶-۱۰۵۵۷-۱۰۵۵۸
۱۰۵۵۹-۱۰۵۶۱-۱۰۵۶۲-۱۰۵۶۳-۱۰۵۶۵-۱۰۵۶[illegible]-۱۰۵۷۱-۱۰۵۷۲
۱۰۵۷۳-۱۰۵۷۴-۱۰۵۷۶-۱۰۵۷۷-۱۰۵۷۹-۱۰۵۸۰-۱۰۵۸۱-۱۰۵۸۸
۱۰۵۸۹-۱۰۵۹۰-۱۰۵۹۱-۱۰۵۹۳-۱۰۵۹۴-۱۰۵۹۶-۱۰۶۰۲-۱۳۱
۱۰۶۰۵-۱۰۶۰۹-۱۰۶۱۳-۱۰۶۱۷-۱۰۶۲۱-۱۰۶۲۲-۱۰۶۲۴-۱۰۶۴۳
۱۰۹۷۸-۱۰۹۹۰-۱۰۸۵۰-۱۱۰۳۶-۱۱۰۵۸-۱۱۲۲۸-۱۱۲۲۹-۱۱۳۱۵
۱۱۳۲۶-۱۱۳۲۷-۱۱۳۲۸-۱۱۳۲۹-۱۱۳۳۰-۱۱۳۵۱-۱۱۳۵۵-۱۱۳۵۶
۱۱۳۶۸-۱۱۳۷۳-۱۱۴۰۷-۱۱۴۰۱-۱۱۴۱۱-۱۱۴۱۳-۱۱۴۱۷-۱۱۴۲۶-۱۱۴۳۸
۱۱۴۹۱-۱۱۴۹۲-۱۱۴۹۳-۱۱۴۹۷-۱۱۴۹۸-۱۱۴۹۹-۱۱۵۰۰-۱۱۵۰۱
۱۱۵۰۲-۱۱۵۰۳-۱۱۵۰۴-۱۱۵۰۵-۱۱۵۰۶-۱۱۵۰۸-۱۱۵۰۹-۱۱۵۱۰-۱۱۵۱۲
۱۱۵۱۳-۱۱۵۲۴-۱۱۵۳۹-۱۱۵۴۰-۱۱۵۵۶-۱۱۵۵۸-۱۱۵۶۰-۱۱۵۶۱-۱۱۵۶۵-۱۱۵۶۸-۱۱۵۶۹-۱۱۵۷۳-۱۱۶۸۶-۱۱۶۸۸-۱۱۶۹۲-۱۱۶۹۶-[illegible]-۱۱۶۹۸-۱۱۶۹۹-۱۱۷۰۵-۱۱۷۰۶-[illegible]-۱۱۷۰۹
۱۱۷۳۲-۱۱۷۵۴-۱۱۷۶۲-۱۱۷۹۶-۱۱۸۲۷-۱۱۸۲۸-۱۱۹۳۳-۱۱۸۳۳-۱۱۸۳۶-۱۱۸۴۸-۱۱۸۵۱-۱۱۸۵۲-۱۱۸۵۸-۱۱۸۶۰-۱۱۸۶۴-۵ ۔ ۔ ۱۹۳) ۲۵۴۴

(باہتمام حاذق الخیری پرنٹر و پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپکر دفتر عصمت کوچہ چیلان دہلی سے شائع کیا)

کشیدہ کے فیتے

آجکل پیراشوٹ کی کلیاں عام طور سے بک رہی ہیں اور لوگ انہیں خرید خرید کر برقعے کی نٹ اور سوٹ وغیرہ بنا رہے ہیں۔ مگر کلیوں پر سے جو سفید چمکدار ریشمی ربن اترتے ہیں بعض بہنیں تو انہیں فضول تصور کر کے بچوں کو دے دیتی ہیں اور بعض اگر کچھ کام لینا چاہیں تو انہیں بالوں میں موباف کی جگہ استعمال کرتی ہیں۔ اگر بہنیں ان فیتوں کو کشیدہ کاری اور کراس اسٹیچ سے کاڑھیں تو بہت خوبصورت اور سستے فیتے بن جائیں گے مگر رنگ پکے استعمال کئے جائیں تاکہ دھلنے پر خراب نہ ہوں اور آج کل جب کہ بازار سے ریشمی فیتے سستے داموں پر ملنا بہت مشکل ہیں اگر ان ہی گھریلو فیتوں کو مختلف جگہوں پر جیسے پائجامہ کے پائنچوں دوپٹے کے کناروں۔ قمیص کے دامنوں اور کفوں وغیرہ پر لگایا کریں تو سستے رہیں۔


چند فیتوں کے نمونے پیش کرتی ہوں جو آسان ہیں امید کہ جوہری بہنیں پسند فرمائیں گی۔

(ب) اس نقشہ کے پھول ع۲ کو سوئی میں دوہرا دھاگہ پرو کر کاڑھا جائے گا، اور پتیاں لانگ اسٹیچ سے اور ع۳ اور ع۴ والی بیلوں میں جو دائرے بے نشانات ہیں وہ سوئی سے سوراخ بنا کر اور کاج کی طرح سئے جائیں گے۔


نمونے

(الف)


ع۱




ع۲




ع۳




ع۴



(ب) ع۱




ع۲



ع۳



ع۴



ایم۔ایس۔ج

تکیہ اور چادر کا وسطی خاکہ

پتے اور ڈالیاں — ہری شیڈ دار

ع۱ — ہلکی گلابی شیڈ دار

ع۲ — نارنجی شیڈ دار



ظہیر حسن سیکروی

نازک بیل

حسب پسند چیزوں پر درج شدہ رنگوں سے بنائیں۔

ماخوذ از انگلش

امیر صنوبر



کشیدہ کاری

بیل

پلنگ کی چادر اور پردوں وغیرہ
پر بنائیے اور قدرتی رنگوں سے
کاڑھیے

آر بیگم سیتاپوری



مرکز

وسطی خاکہ بیل کے ہمراہ بنائیں اور بیل جیسے رنگوں سے کاڑھیئے



سوئی کا کام

فن خیاطی یعنی کپڑوں کی کٹائی سلائی سے واقف ہونا ہر لڑکی اور ہر عورت کی روزانہ ضروریات میں سے ہے۔ اس فن پر محترمہ فاطمہ جعفر منشی فاضل نے ڈیڑھ درجن مشہور و ہنرمند کار بہنوں کی مدد سے سوئی کا کام یا چمنستان خیاطی ۔ وہ کتاب تیار فرما دی ہے جس سے پھوہڑ عورتیں بھی فائدہ اٹھا سکتی ہیں - بچوں کے کپڑے - سوٹ - جانگئے - باڈی - پاجامہ - سینہ بند - فیڈر - فراک - قمیص - کرتے - مختلف قسم کے دیدہ زیب جمپر - نئی نئی طرز کے جمپر - نئی نئی طرز کی قمیص - پارسی - مدراسی اور دوسری قسم کے بلاؤز - وضع وضع کے خوبصورت کالر اور کف - لباس شب خوابی - باڈی لیڈیز - انڈرویر - پاجامے - مختلف چیزیں مثلاً دیوار گیری کی جھالر - الماری پوش - آئینہ پوش - جگ کور - تکئے کے غلاف - سر خوان وغیرہ کے ۱۸۱ نمونے ہیں اور ہر نمونے کے متعلق کٹائی اور سلائی کی مفصل اور مکمل ترکیب - عورتوں کے لئے بہت کارآمد کتاب ہے - نمونے ۱۸۱ خوب صاف کاغذ اعلیٰ درجہ کا قیمت عہ/ عصمت بک ڈپو کوچہ چیلاں - دہلی

کروشیا میں گلاس پوش

حسب فرمائش محترمہ ملکہ زمانی زیدناسک

تاگا سفید ریشم ہو یا سوتی باریک ہو۔ موتی چوکر کا یخ کے پکے۔

ترکیب: ۱، ۲ چین جن کے سرے کے چین ڈال کر گول کر لیں۔ اس پر ایک چین لے کر ایک ٹربل پھر ایک چین ایک ٹربل اس ہی طرح ۸ خانے بنائیں۔ لائن تمام کریں۔


دوسری لائن۔ ایک چین ٹربل پر تین ٹربل۔ ایک چین۔ تین ٹربل۔ لائن تمام کریئے۔ تیسری لائن۔ ایک چین ۳ ٹربل پر ۵ ٹربل۔ ایک چین ۵ ٹربل لائن تمام کریئے۔ چوتھی لائن ۔ ایک چین ۵ ٹربل پھر ۷ ٹربل ایک چین ۷ ٹربل۔ لائن تمام کریئے۔ پانچویں لائن۔ ایک چین سات ٹربل پر ۹ ٹربل۔ ایک چین۔ ۹ ٹربل۔ اب ٹربل کھٹکے گُرما بنایئے۔ ایک چین ایک ٹربل جال میں ڈالیئے۔ ایک چین ۹ کے اوپر ۷ ٹربل۔ ایک چین۔ ایک ٹربل۔ ایک چین ۷ ٹربل۔ ایسے ہی لائن تمام کرو۔ ساتویں لائن دو چین۔ ایک ٹربل پر ۳ ٹربل دو چین ۵ ٹربل۔ دو چین ۳ ٹربل۔ لائن ایسے ختم کیجئے۔ آٹھویں لائن۔ تین چین ۳ ٹربل پر ۵ ٹربل۔ ۳ چین ۳ ٹربل تین چین ۵ ٹربل

نویں لائن۔ تین چین ایک ٹربل دو چین ۵ ٹربل کے درمیان دو ٹربل۔ دو چین ایک ٹربل۔ تین چین دو ٹربل تین چین ایک ٹربل لائن ایسے ہی تمام کریئے۔

اب چار لائن صرف جال کی بنیئے۔ ایک ٹربل۔ ایک چین۔ ایک ٹربل۔ ایک چین۔ ایک ٹربل ایک چین چودھویں لائن ۷ چین بغیر ٹربل کے دوسرے خانہ میں ڈال کے پھر ۷ چین بغیر ٹربل کے۔ دوسرے خانہ میں سے ڈال دیں۔ ایسے ہی چھ بننے کے بعد تاگا توڑ دو اور موتی حسب ضرورت پر و لو۔ پھر تاگا چھوڑ کے ۷ چین بنکے موتی چین میں ڈال کے بال پھندا لو۔ ۷ چین موتی ڈالو۔ جال میں پھندا لیتی جایئے جس طرح چھ لائن بنتے ویسے ہی یہ لائن بھی موتی ڈال ڈال کے تمام کر کے ختم کیجئے۔ بہت خوبصورت گلاس پوش تیار ہوگا۔ (نمونہ صفحہ ۸ پر دیکھئے)

اہلیہ محمد محفوظ الرحیم

نمونہ گلاس پوش




کروشیا میں بیل

برائے پیٹی کوٹ ۔ چادر ۔ غلاف وغیرہ
بہنیں اس بیل کو دیکھ کے آسانی سے بنا سکتی ہیں
بہت آسان اور خوبصورت ہے ۔ تاگا باریک زیادہ
بہتر ہوگا ۔
موٹا تاگہ بھی استعمال کر سکتی ہیں تاگہ ریشمی ہو یا
سوتی کپڑے کی مناسبت سے لگائیے ۔


اہلیہ محفوظ الرحیم

خوبصورت بیل




کروشیا کی ماہر بہنیں نمونہ دیکھ کر آسانی سے تیار
کر سکتی ہیں ۔

سکینہ خاتون اکبرآبادی



مور

حسب خواہش محترمہ رالجہ جمیل۔ کروشیا میں طاؤس و مرغ کے نمونے ارسال ہیں۔ سیاہ نشانات ٹریبل باقی چین رہیں۔ مسز صابرہ افتخار مراد آباد







سنگر مشین کا کام　　　　　　کونہ

بڑے پھول ۔ کاسنی ۔ پھول چھوٹے پیازی ، پتے ۔ ڈنڈیاں سبز گول نشان یعنی O ایسے
نشان کو فیروزہ رنگ کام میں لائیں ۔
کارکس ایمبرائیڈری کاٹن نمبر ۵۰ استعمال کریں ۔
یہ کونہ ۔ تکیہ غلاف اور میز پوش پر کاڑھنے سے
نہایت ہی اچھا معلوم ہو گا ۔

رضیہ بیگم بنت عبدالشکور



کنول کی ڈالی



پھول پیازی ۔ کلیاں پھول کے ہم رنگ ۔ پتّے سبز ڈنڈیاں کاہی بوٗ ۔ فیروزہ یا کالے رنگ سے کاڑھئے بہت اچھا معلوم ہوگا۔

مس رضیہ بیگم ٹمکور

اونی کام سلائیوں سے جرسی کی خوبصورت بنتی

اول حسب ضرورت خانے سلائیوں پر ڈالیں ۔ پھر نمونہ شروع کردیں۔ ایک خانہ سیدھا بُنیں پھر ایک خانہ میں سے دوسرا خانہ لیکر سیدھا بُنیں اس کے بعد پہلے خانے کو (جسمیں سے ایک خانہ نکالا گیا ہے) نیچے کے تاگے میں سیدھا بُنیں پھر ایک خانہ میں سے دوسرا لیکر سیدھا بنیں پھر پہلے خانہ کو (جسمیں سے ایک نکالا گیا ہے) نیچے کے تاگے سے سیدھا بنالیں۔ اسی طرح پوری لائن بن لیں ۔ دوسری لائن پوری الٹی ۔ تیسری لائن شروع سے نمونہ بُنیں ۔ ایک خانہ سیدھا نہ بُنیں ۔ چوتھی لائن پوری الٹی ۔ پانچویں لائن ایک خانہ سیدھا بنکر پھر نمونہ شروع کریں چھٹی لائن پوری اُلٹی اسی طرح پورا سوئٹر بُن لیں ۔ اسبات کا خاص خیال رکھیں کہ ایک بار سیدھی لائن شروع کرنے میں پہلے ایک خانہ سیدھا بُن کے تب نمونہ شروع ہوگا اور دوسری بار شروع ہی سے نمونہ بنے گا۔

عاتکہ خاتون سلیم پور

اُونی بناوٹ دوقسم

سوئٹر کا ایک خوبصورت نمونہ پیش کرتی ہوں۔

ایک بناوٹ :- پہلی سلائی سب الٹی۔ دوسری سلائی دو سیدھے گھر ۲ ساتھ پھندا ایکر ایک سیدھا گھر پھندا ایکر ۲ ساتھ ۲ سیدھا گھر۔ تیسری سلائی سب الٹی۔ چوتھی سلائی ایک سیدھا گھر ۲ ساتھ پھندا ایکر ۳ سیدھے گھر پھر پھندا ایکر ۲ ساتھ ایک سیدھا گھر۔ پانچویں سلائی سب الٹی چھٹی سلائی ۲ ساتھ پھندا ایکر پانچ سیدھے گھر پھر پھندا ایکر دو ساتھ۔ ساتویں سلائی سب الٹی۔ آٹھویں سلائی دو سیدھے گھر پھندا ایکر دو ساتھ ایک سیدھا گھر دو ساتھ پھندا ایکر دو سیدھے گھر نویں سلائی سب الٹی۔ دسویں سلائی ۳ سیدھا گھر پھندا ایکر ۳ ساتھ پھندا ایکر ۳ سیدھے گھر۔

خوشنما پھول جوہی کا نمونہ

دوسری بناوٹ :- پہلی سلائی ۲ ساتھ۔ ۳ سیدھے گھر پھندا ایکر۔ ایک سیدھا گھر۔ پھندا ایکر ۲ سیدھے گھر ۳ ساتھ ۳ سیدھے گھر پھندا ایکر ایک سیدھا گھر ۳ سیدھے گھر ۲ ساتھ دوسری سب الٹی

صغیر النساء

کٹائی کا کام

بیل اور کونہ


یہ بیل اور کونہ حسب پسند کپڑوں پر بنائیں کپڑا تراش کر جال بنے گا۔ پہلے پتیوں کے اطراف تیپچی ڈالکر ادھر ادھر کا تھوڑا تھوڑا کپڑا باریک نوکدار قینچی سے کاٹ کر سفید ڈی۔ ایم۔ سی سے تاگے بصورت جال تان کر اوّل پتیوں کے اطراف بٹن ہول اسٹیچ کرلیں۔ پھر جال کے تاگوں پر بھی بٹن ہول اسٹیچ بنائیں سب مکمل کرنے پر پتیوں اور پھولوں کے اندر کی نسیں کاڑھ لیں اور بیل و کونے کے اطراف چوڑا چوڑا اور قریب قریب بٹن ہول اسٹیچ بنائیں۔ یہ بیل اور کونہ اس سے

بٹا بھی بن سکتا ہے اور کافی مضبوط رہے گا۔

بتول فاطمہ

پھول

کونہ



یہ پھول سفید کپڑے پر اُتار کر قینچی سے تراش لیجئے بعد ازاں سرخ کپڑے پر یا لال قند کے کپڑے پر رکھکر سوئی سے ترپ لیں

ہمشیرہ سید سلیم احمد

لکڑی کا چھاپا

نئی طرز کا دوپٹہ

پکے رنگوں سے چھپے ہوئے دوپٹے تقریباً ہر جگہ پسند کئے جاتے ہیں۔ عام طور پر دوپٹہ رنگریز کے ہاں بھیجکر بوٹیاں چھپوائی جاتی ہیں جو معمولی ہونے کے باوجود نہایت گراں پڑتا ہے اگر شوق ہو تو تھوڑی سی محنت کے بعد نفیس اور خوبصورت دوپٹے گھر میں چھاپے جاسکتے ہیں۔ لکڑی کے چھاپوں کی چھپائی کا طریقہ تو کافی پرانا ہو چکا ہے۔ آج میں بہنوں کی خدمت میں ایک نیا طریقہ پیش کرتی ہوں جو حال میں ہی ایجاد کیا ہے۔

پہلے دوپٹہ میں کلف دیکر خشک کر لیجئے اور جو ڈیزائن بنانا مقصود ہو اسکو کسی دفتی پر بنا کر قینچی سے کاٹ لیجئے اس چھپائی میں بڑے پھول اور گلدستہ استعمال کرنے چاہئیں اس کے بعد معمولی پکے رنگ پانی میں حل کر کے گھلا ہوا گوند ملا کر گاڑھا کر لیجئے۔ اب اس پیسٹ کو فلٹ (Stencil) چھڑکنے کی پچکاری میں لگی ہوئی شیشی میں بھر لیجئے اور شیشی کو پچکاری میں فٹ کر دیجئے۔ پھر دوپٹہ کو کسی چوکی یا فرش پر بچھائیے اور دفتی کا کٹا ہوا پھول اس پر رکھکر کسی چیز مثلاً پیپر ویٹ وغیرہ سے دبا دیجئے پھر پچکاری سے رنگ اس طرح چھڑکئے جیسے فلٹ چھڑکا جاتا ہے اور کسی قدر فاصلہ سے تاکہ اسکی پھوار دور تک پڑ سکے۔ جب پھول کے چاروں طرف پھوار اچھی طرح پڑ جائے تو پھول کو اٹھا کر کچھ فاصلہ پر رکھکر پھوار ڈالئے۔ اسی طرح کل دوپٹہ چھاپیں۔ یہ خیال رہے کہ پھول قریب نہ رکھے جائیں۔ بلکہ چوڑائی میں صرف تین چار پھول چھاپے جائیں۔ اس میں انگریزی کے حروف وغیرہ بھی چھاپے جاسکتے ہیں اور اسی طریقہ سے جابجا مختلف رنگوں سے شیڈ بھی دیا جاسکتا ہے۔ خاص طور پر براؤن رنگ سے چھپا ہوا دوپٹہ بہت ہی خوشنما معلوم ہوتا ہے جو اودا اور نارنجی رنگ ملانے سے بن جاتا ہے۔

یہ طریقہ نہایت آسان ہے اور ہر بہن گھر میں بنا سکتی ہے۔ پچکاری سے علاوہ دوپٹوں کے اور چیزیں مثلاً ٹرے پوش وغیرہ بھی اسٹینسل کے ذریعہ سے چھاپی جاسکتی ہیں۔ موٹے ڈرائنگ پیپر پر پہلے تیل مل کر خشک کر لیں اس سے کاغذ واٹر پروف ہو جاتا ہے۔ اس پر حسب دلخواہ ڈیزائن بنا کر تیز ناخن گیر سے کاٹ کر اسٹینسل پلیٹ بنالیں جن بہنوں کو ڈرائنگ کا شوق ہو وہ کسی انگریزی دوکان سے اسٹینسل کے ڈیزائن منگوا کر کاغذ پر اتار کر اسٹینسل پلیٹ تیار کریں تو بہتر ڈیزائن بن سکیں گے پھر اسی طرح اسٹینسل پلیٹ کو کپڑے پر رکھکر پچکاری سے پھوار ڈالیں۔ بہت عمدہ شیڈ دار چھپائی ہوگی۔ اس میں بیلیں وغیرہ بھی بنائی جاسکتی ہیں لیکن کام ہلکا ہی بنانا چاہئے کیونکہ کچے رنگ دھلنے پر صاف ہو جائیں گے اور فضول محنت رائگاں ہوگی۔ پنجاب میں اس قسم کی چھپائی کا فیشن ہو رہا ہے لیکن وہ لوگ کنگھی اور برش کے ذریعہ سے پھوار ڈالتے ہیں جو اتنی خوبصورت نہیں ہوتی اور وقت بھی کافی صرف ہوتا ہے۔ امید ہے کہ بہنیں اس طریقہ کو پسند کریں گی اور فائدہ حاصل کریں گی۔

مسز اقبال بھوپال

چھاپہ چکن کاری

تھوڑی چکنی مٹی لیکر باریک پیس لیں اور ایک باریک کپڑے میں چھان کر آٹے کی طرح پانی ڈال کر خوب اچھی طرح گوندھیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ مٹی پتلی نہ ہو اور اتنی خشک ہو کہ چھاپہ بنانے میں دقت ہو۔

اب جتنا بڑا پھول بنانا مقصود ہو اسی قدر مٹی لیکر لکڑی کے چھاپہ کی شکل کی مانند (چوکور یا گول) بنالیں اب اس مٹی کی شکل کو اس پھول پر (جو کپڑے پر پہلے ہی سے کاڑھ لیا گیا ہو) آہستہ سے دبا دیں اس طرح اس پھول کے نشان اس گیلی مٹی پر اتر آئیں گے۔ اب اس پھول کے آس پاس کی مٹی کو ایک سوئی سے تھوڑا تھوڑا کرید کر علیحدہ کر دیں اور سطح کو برابر کر دیں۔ اس طرح یہ پھول لکڑی کے چھاپہ کی طرح اوپر ابھر آئے گا تیار ہونے پر دھوپ میں سکھا کر چولھے کی بھوبل یعنی گرم راکھ میں اچھی طرح دبا دیں تاکہ کہیں سے کھلا نہ رہے، ورنہ اس کے ٹوٹ جانے کا ڈر رہے گا۔

یہ عام طور پر رات کا کھانا تیار ہونے کے بعد چولھے میں دبا دیتے ہیں اور پھر صبح کو نکال لیتے ہیں۔ اب یہ چھاپہ جو بالکل لکڑی کے چھاپہ کی مانند ہوگا۔ کپڑے پر چھاپنے کے لیے بالکل تیار ہے اور رنگ لگا کر جتنے کپڑے چھاپنے مقصود ہوں یا جب چاہیں چھاپ لیں۔

عائشہ بیگم

کروشیا کے کام کرنیوالی بہنیں

غور سے پڑھیں

عموماً دیکھا گیا ہے کہ بہنیں کروشیا استعمال کرتے وقت بہت بے احتیاطی برتتی ہیں جن سے بعض دفعہ ناقابل تلافی نقصان پیش آجاتے ہیں۔ مثلاً بعض بہن کروشیا کا کام لیٹ کر بناتی ہیں جس سے بعض اوقات کروشیا ہاتھ سے چھوٹ جاتی ہے اور کروشیا کی نوک آنکھ کان، ناک وغیرہ میں چبھ جاتی ہے جس کا انجام نہایت خطرناک ہوتا ہے چند لاپرواہ بہنیں کروشیا کا کام بناتے بناتے کسی غرض سے اٹھ جاتی ہیں اور کروشیا بغیر ڈھکنے سے بند کئے ہوئے چھوڑ دیتی ہیں اور غلطی سے ان کے چھوٹے بہن بھائی یا کوئی بھی آکر اس پر بیٹھ جاتے ہیں اور کروشیا ان کے ہاتھ پیر یا کسی عضو میں چبھ جاتی ہے جو بغیر ڈاکٹر کے مدد سے نہیں نکل سکتی۔ کروشیا کی نوک چونکہ بالکل ٹیڑھی ہوتی ہے جو اگر چبھ جاتی ہے تو بغیر اندر کا گوشت لئے ہوئے باہر نہیں نکلتی۔ اس لئے کروشیا ہمیشہ ڈھکنے دار استعمال کرنا چاہئے اور اس کو بچوں سے علیحدہ رکھنا چاہئے ابھی حال ہی میں ہمارے یہاں ایک واقعہ پیش آچکا ہے جس سے اب کروشیا سے بہت خوف معلوم ہوتا ہے مندرجہ ذیل واقعہ پڑھکر پیاری بہنوں سے استدعا ہے کہ بہت احتیاط سے استعمال کریں۔

چند روز ہوئے ہماری ایک بہن مع اپنی ایک چھوٹی بہن کے تشریف لائیں وہ کروشیا کی بیل بن رہی تھیں انہوں نے بیل ختم کرکے کروشیا اور بیل تھیلی میں رکھدی ان کی چھوٹی بہن جو فطرتاً شریر واقع ہوئی ہے اس تھیلی کو اٹھا کر گھمانے لگی اور گھماتے گھماتے اپنی بہن کی پیٹھ میں زور سے پھینک دیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کروشیا کی نوک بیچاری کی پیٹھ میں پھنس گئی جب ان کی چھوٹی بہن نے تھیلی کھینچ لی تو کروشیا تھیلی سے ۳

۳ نکل کر لٹکنے لگی کیونکہ اسکی نوک پیٹھ کے اندر جا چکی تھی نتیجہ یہ ہوا کہ ہم لوگوں نے ان بیچاری کی پیٹھ کا تھوڑا سا چمڑہ بمشکل بلیڈ سے کاٹا جب کروشیا بہت دقتوں سے پیٹھ سے نکلی نکلنے کے بعد کروشیا کی نوک بالکل ٹیڑھی ہو چکی تھی۔ امید کہ بہنیں اس واقعہ سے خبردار ہو جائیں گی۔

انور جہاں قیصر

کشیدہ کاری کی تاریخ

از جناب امجد علی نقاد (حیدرآباد)

توجہ اور عمل کی ضرورت

ماہران علم الانسان کی تحقیق سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ تہذیب و تمدن کی ترقی کے ساتھ ساتھ انسان کی جمالیاتی حس بھی ترقی کرتی رہی ہے۔ جب سے انسان نے اپنی رہائش گاہ کو نقش و نگار اور بوقلموں رنگوں سے آراستہ کرنا شروع کیا ہے۔ اسی زمانہ سے عورت بھی مرد کے ساتھ زینت کاری میں برابر کی شریک رہی ہے اور ان دونوں کی متفقہ کوششوں سے بچے بھی فن سے آشنا ہو گئے۔ بچے چونکہ زیادہ تر ماں کی زیر تربیت رہتے ہیں اس لئے کہا جاتا ہے کہ عورت تمدن کا گہوارہ ہے اور تمدن ہی ساز اور ماحول پیدا کرتا ہے۔

متمدن اقوام کی تاریخ پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تہذیب و تمدن کی تعمیر میں نسوانی ہاتھ کا بہت بڑا حصہ رہا ہے۔ ازمنۂ قدیم میں مرد اگر زینت کاری میں اپنا کمال دکھاتا تھا تو عورت بھی آرائشی کاموں میں اپنی گوناگوں جدت طرازیاں دکھانے میں بھی کم درجے پیچھے نہ رہتی تھی۔ ظاہر ہے کہ گھریلو سجاوٹ میں نسوانی عنصر ہی زیادہ تر گھر کو زینت بخشتا اور اسے قابل رہائش بناتا ہے۔ یہ قول بالکل صحیح ہے کہ عورت بذات خود گھر کی زینت ہے اور آرائش اس کا سلیقہ ہے۔ اسی وجہ سے ازمنۂ سلف میں گھریلو زینت کاری عموماً عورت ہی کے سپرد رہا کی ہے جو صنف نازک کی خوش سلیقگی کا بین ثبوت ہے۔ در و دیوار کے مردانہ رنگ کے ساتھ، عورت کے ہاتھوں، کپڑے اور لباس بھی سنگے جانے لگے۔ اور دیواری نقش و نگار کے ساتھ کپڑے پر بھی سوئی سے کاڑھے ہوئے گل بوٹے دکھائی دینے لگے صنف نازک ہی نے سب سے پہلے گلی ز[illegible]ف کو رنگ برنگ کی نازک نقاشی سے مزین کیا۔ زمانہ جسقدر ترقی کرتا گیا، نئی ضروریات پیدا ہوتی گئیں اور نئی نئی دستکاریاں فروغ پاتی گئیں۔

مختلف دستکاریوں کی طرح کشیدہ کاری کی ابتدا بھی انسان کی روزمرہ ضروریات سے ہوئی ہے۔ پہلی مرتبہ جب سو[illegible] دریافت ہوئی خواہ وہ ببول کا کانٹا ہو یا دھات کا تار اس کے استعمال و افادیت سے گذر کر انسان میں زینت کاری کا احسا[illegible] پیدا ہونا ایک قدرتی بات تھی جس زمانہ سے انسان نے لباس، فرنیچر اور دیگر اسباب خانہ داری کا باقاعدہ استعمال شر[illegible] کیا اپنے لباس اور اسباب کو منقش کرنے کی خواہش اس کے دل میں پیدا ہوئی۔ فن کشیدہ کاری کا رواج اسی خواہش کا نتیجہ تھا۔ یہ ہماری کتنی بڑی بدقسمتی ہے کہ ایک طرف تو الجبرا، جامیٹری، جغرافیہ، مساحت، سائنس وغیرہ مضامین کی مردانہ اندازکی تعلیم کے ذریعہ لڑکیوں کی نسوانی صلاحیتوں کو بڑی حد تک مسخ کر دیا جاتا ہے اور دوسری طرف مشینی کپڑے کی ارزانی نے اس نسوانی فن کا گلا گھونٹ دیا ہے اور کشیدہ کاری وغیرہ کو کوئی اہمیت حاصل نہیں ہے لیکن اب ضرورت ہے کہ اس فن کو [illegible] کیا جائے تاکہ وہ اپنے سابقہ رواج و کمال کو دوبارہ حاصل کر سکے۔

یہ مقصد دو طریقوں سے حاصل ہو سکتا ہے ایک تو یہ کہ لڑکیاں اور خواتین اس جانب توجہ دیں اور گہری دلچسپی سے کام لیں ا[illegible] [illegible]ٹ کی سالیاتی عملی آرٹ کی طرف رجوع کریں بشرطیکہ وہ طرح اندازی یعنی ڈزائن سازی اور نمونہ سازی کے اصولوں ا[illegible] فنی [illegible] ٹکنک سے واقف ہوں۔ قدیم زمانہ میں نمونے ذرا بھدے اور [illegible] رسمی انداز میں بنائے جاتے تھے لیکن بیسا

صدی میں زمانے نے بہت کچھ ترقی کر لی ہے۔ سترھویں صدی میں ہندوستان نے انگلستان اور یورپ کے مذاق کشیدے
پر اپنا اثر ڈالا تھا۔ آج بیسویں صدی میں یورپ ہمارے مذاق اور کشیدے پر اپنا اثر قائم کئے ہوئے ہے۔

آج کل نقاشی (ڈرائنگ) کا فن عام ہو جانے کی وجہ سے کشیدہ کاری میں بڑی سہولت اور آسانی پیدا ہو گئی ہے اس فن
کا کمال حاصل کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہم قدیم نمونوں کو پیش نظر رکھیں جو اس زمانہ کے ہیں جب کہ ڈرائنگ کا فن عام نہ
تھا اور خواتین کسی چربہ یا خاکے کی مدد لئے بغیر اپنے ذہنی نمونے کو براہ راست سوئی سے ایک دم کپڑے پر بنا دیتی تھیں اور
پھر اس مہارت کے ساتھ کہ مجال نہیں جو سوئی رتی برابر بھی خطا کر جائے۔ ایسے نمونے ہمارے لئے کافی سبق آموز ہو سکتے ہیں؟
یہ نمونے ہمارے زمانے کی خواتین کو نہ صرف محنت اور جدت پسندی کی ترغیب دیتے ہیں بلکہ سوئی پر قدرت پیدا کرنے کی نصیحت
بھی کرتے ہیں۔

کشیدہ کاری چونکہ آرٹ کی ایک شاخ ہے، اس لئے ڈزائن سازی میں موزونیت توازن، قرینہ (سمیٹری)، تناسب اور
رنگوں کی خوش ترتیبی کو ملحوظ رکھنا بھی ضروری ہے اگر قدرتی اشیاء کی تصویر کشی مقصود ہو، تو کشیدہ کاری جس حد تک اجازت
دے سکتی ہے اسی حد تک نقل کی جا سکتی ہے تاہم ان تمام امور میں کشیدہ کار اپنے ذوق سلیم اور خوش ترتیبی کا اچھی طرح
مظاہرہ کر سکتا ہے۔

آج بھی جب کہ ہر قسم کے مشینی کشیدہ کے نمونے ارزاں قیمت پر دستیاب ہو رہے ہیں۔ مغربی ممالک میں دستی کشیدے
کو اسی قدر منزلت سے دیکھا جا رہا ہے جس طرح سابق میں دیکھا جاتا تھا اور ان دستکاروں کی برابر ہمت افزائی کی جا رہی ہے
سوائے ہندوستان کے ساری دنیا کے متمدن ممالک میں اب یہ خیال عام ہو چکا ہے کہ مشینی ڈزائن بالکل بے جان ہوتے ہیں
مشین ایک ہی نمونے کو بے سمجھے بوجھے اتنی دفعہ تیار کرتی ہے کہ آخر کار اس سے نفرت ہونے لگتی ہے۔ مشینی نمونوں میں
ذرا بھی انفرادیت کی شان دکھائی نہیں دیتی اس کے برعکس صناعی نمونے اپنی انفرادی شان اور وضع قطع سے فوراً شناخت
کر لیا جاتا ہے۔ صناع نمونے کے ایک ایک ٹانکے میں اپنی جان ڈال دیتا ہے اس کی انفرادیت اس کو ہر حیثیت سے ممتاز کرتی
ہے۔ ہر ہر قدم پر کشیدہ کار کو سمجھ اور احتیاط سے کام لینا پڑتا ہے۔ مشین کی طرح بیہودہ تکرار نہیں ہونے پاتی مختصر یہ
کہ کشیدے کا ایک عمدہ نمونہ صناع کی پوری شخصیت اور ان کی محنت شاقہ کا آئینہ دار ہوتا ہے۔

جس گھر میں ایسے مسرت افزا اور زندگی بخش نمونے پائے جاتے ہیں، لوگ انہیں دیکھنے کے لئے بڑے اشتیاق سے
جمع ہو جاتے ہیں اور واقعہ یہ ہے کہ مشینی اشیاء کسی طرح انسانی دستکاری کا مقابلہ نہیں کر سکتیں۔ ہمارے اس دعوے کی تائید میں
رسکن جیسا نقاد فن بھی یہی استدلال پیش کرتا ہے۔ ہمارے سامنے اس کی مثالیں موجود ہیں انگلستان میں پانچ روپیہ کے
مشینی میز پوش کے مقابلے میں قدر داں افراد ۶۰، ۷۰ بلکہ اس سے بھی قیمتی دستی کشیدے کے میز پوش خریدنا زیادہ
پسند کرتے ہیں محض نمونوں کی خاطر نہیں بلکہ داد فن دینے اور کمال فن اور محنت کی ستائش کرنے کی خاطر۔ دعوتوں اور ضیافتوں
میں ایسے نمونوں کی خاص طور پر آرائش اور نمائش کی جاتی ہے جس کو بڑی قدر کی نظر سے دیکھا جاتا ہے پس ہر فن داں
اور صاحب نظر کا یہ اولین فرض ہونا چاہئے کہ وہ کشیدہ کار کی محنت کی قدر کرے۔ کام کے صلہ میں اس کے لئے ایسا معاوضہ
تجویز کرے جس سے اس کو کام جاری رکھنے کی ترغیب ہو۔

غرض زمانہ سلف میں کشیدہ کاری کا فن انتہائی عروج و کمال پر تھا لیکن عہد حاضرہ میں اس کی پستی کو دیکھتے ہوئے ہم اگر

اس کو زندہ فن یقین کرنے لگیں تو واقعی یہ ہماری خوش فہمی اور خوش اعتقادی ہوگی۔ حقیقت یہ ہے کہ زمانۂ حال میں اس فن کا دائرہ بہت محدود ہو چکا ہے جس کو دیکھتے ہوئے ہرگز یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ یہ فن کبھی اُبھرے گا بھی اور ابھر کر دوبارہ اپنی کھوئی ہوئی عظمت کو حاصل کرے گا کشیدہ کاری کو ایک اعلیٰ درجہ کا فن تصور کرنے کی بجائے اس کو محض ایک تفریحی شغلہ سمجھا جانے لگا ہے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ اسے ایک باقاعدہ فن کی طرح حاصل کرنے میں مستعدی اور دلچسپی کا عام فقدان پایا جاتا ہے۔

سچ ہے کہ ہاتھ کی چھوٹی چھوٹی انگلیاں نظر میں جچتی نہیں لیکن قدرت نے ان کو عجیب معجز نما قوت عطا کی ہے ذرا ان سے کام لیا جائے تو پھر دیکھئے کہ وہ کیسے کیسے کارنمایاں کر دکھاتی ہیں ان کو بے کار رکھنے سے کہیں زیادہ بہتر ہے کہ انہیں کسی نہ کسی منفعت بخش کام میں مصروف رکھا جائے۔ چنانچہ مسٹر رسکن کہتے ہیں کہ

"جس شخص کو عمدگی سے کام کرنا نہیں آتا وہ کام ہی نہیں کرسکتا۔ اور جب کام کو پورا کرنے کا تہیہ کر لیا جاتا ہے تب ہی وہ کام بحسن و خوبی انجام پاتا ہے۔ خوش اسلوبی سے کام کو پورا کرنے کے لئے جب تک فن کار اس کام کے محل استعمال اور مقصد سے پوری طرح واقف نہ ہو، اس کا ارادہ ہرگز صحیح ارادہ نہیں سمجھا جاتا"

غرض کشیدہ کاری آرٹ کی ایک شاخ ہے۔ کشیدہ کار سوئی کی مدد سے حسن کاری کرتا ہے اور بدوضعی یا بدصورتی کو ڈھونڈ نکالنا ہی حقیقی حسن شناسی ہے۔ کچھ نہیں تو کشیدہ کار کو کم از کم خوبصورتی اور بدصورتی سے بخوبی واقف ہونا ضروری ہے

کشیدہ کاری اور سوزن کاری کا فرق

کشیدہ کہتے کس کو ہیں اور اس کی تعریف کیا ہے؟ عام طور پر لوگ سوزن کاری اور کشیدہ کاری کو ایک دوسرے کے ہم معنی استعمال کرتے ہیں حالانکہ کشیدہ کاری، سوزن کاری کی ایک صنف یا شاخ ہے اس لئے سوزن کاری وسیع معنی میں استعمال ہوتی ہے اور کشیدہ کاری کے معنی محدود ہوتے ہیں جو اس کی تعریف سے ظاہر ہے۔

لینن یعنی کتان، اُونی، سنّی، ریشمی اور سوتی کپڑا، چمڑا یا اور کوئی سلنے والی چیز پر۔ بیل بوٹے، پھول پتّوں نقش ونگار اشارات یا تصویروں کو سوئی سے کاڑھنے کے باقاعدہ فن کو کشیدہ کاری کہتے ہیں۔ اس اعتبار سے کشیدہ کاری چونکہ تیار شدہ کپڑے یا بنے بنائے لباس پر کی جاتی ہے۔ اس لئے اس کے کاڑھنے میں مادی رنگوں کے بدلے رنگین تاگے اور ریشے استعمال کئے جاتے ہیں۔ کپڑے کو ڈیزائن کی زمین کی حیثیت سے کام میں لایا جاتا ہے۔ کپڑے کی بنوٹ یا اس کی ترکیبی ساخت سے کشیدہ کا کوئی حقیقی تعلق نہیں ہوتا۔ کشیدہ صرف کپڑے کی سطح سے چسپیدہ رہتا ہے۔ برخلاف سوزن کاری کے کہ اس میں کپڑے کی سلائی کے علاوہ مختلف سوئیوں کے مختلف کام بھی شمار ہوتے ہیں۔ جیسے کروشیا، سلائیوں سے بنوٹ یعنی نٹنگ، لیس کاری وغیرہ۔

غرض کشیدہ کاری صرف کڑھت ہی کے کام کو کہتے ہیں جو کپڑے کی سطح سے چسپیدہ رہتی ہے اور اس کے سوا سوئی کے دوسرے کاموں کو سوزن کاری کہا جاتا ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ جہاں کہیں سوزن کاری کا لفظ استعمال ہو وہاں غور سے اس کے معنی سمجھنے کی کوشش کریں کہ آیا یہ لفظ اپنے محدود معنی میں استعمال کیا گیا ہے یا وسیع معنی میں سوئی کی ہر نوعیت کے کام کے متعلق استعمال ہوا ہے۔ اب ہم کشیدہ کاری کی تاریخ پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

عہد عتیق

قدیم زمانہ میں یہ فن مشرقی اقوام میں خوب رائج تھا اور انہی اقوام سے یورپ نے یہ فن سیکھا قدیم عہد میں جیسے

حضرت موسیٰ نے توریت لکھی تھی، یا ہومر شاعر نغمہ سرا ہوا تھا۔ اس زمانے میں بھی سوزن کاری کا فن موجود تھا۔ ابتدا میں موٹے کپڑے یعنی کینوس پر سوئی سے زینت کاری یا تصویر سازی کی جاتی تھی اس اعتبار سے کشیدہ کاری کو فن تصویر کشی پر تقدیم حاصل ہے۔

پرانے زمانہ میں کاہنوں کے چُغے اور کلیسائی استعمال کی مختلف اشیا کو کتاب مقدس کے عنوانوں اور ڈزائنوں سے مزین کیا جاتا تھا چنانچہ توریت باب خروج آیت ۴-۵ میں لکھا ہے کہ۔

"اور لباس جو وہ بنائیں گے سو چپراس اور خود اور جبہ اور منقش کرتا اور کلاہ اور پٹکا ہے اور پاک لباس تیرے بھائی ہارون اور اس کے بیٹوں کے لئے بنائیں تاکہ میرے لئے کاہن ہوں اور وہ سونا اور آسمانی رنگ اور ارغوانی رنگ اور قرمزی رنگ اور مہین کتان لیں"

اسی طرح کا ایک اور حوالہ بھی آیت ۳۹ میں ملتا ہے۔

"اور تو مہین کتان کے کرتے کو منقش بنا۔ اور عمامہ کو مہین کتان سے اور کمربند کو نقاشوں کی طرح سے بنا۔"

حضرت یعقوبؑ نے اپنے فرزند دلبند حضرت یوسف مصریؑ کو جو لباس دیا تھا وہ رنگین سوزن کاری کا بہترین نمونہ تھا ان حوالوں سے کشیدہ کی افادیت پر بھی روشنی پڑتی ہے کہ کن کن چیزوں کو کشیدے سے مرصع کیا جاتا تھا اور فرصت کے اوقات میں سوئی سے تصویریں بنانے کو شاہی خواتین باعث عزت و افتخار سمجھتی تھیں۔

آج سے تین ہزار سال قبل کشیدہ کاری کا فن مصریوں میں عام طور پر رائج تھا۔ حضرت حزقیئل نبی کے صحیفے سے ظاہر ہے کہ یہودیوں نے مصریوں سے اس فن کو سیکھا تھا۔ چنانچہ ٹائر کو بھیجے جانے والے جہاز کے بادبانوں کو یہودی لوگ مصری کشیدے سے آراستہ کرتے تھے اس لئے صحیفۂ حزقیئل باب ۲۷ آیت ۷ میں لکھا ہے کہ۔

"تو اپنے پال کے لئے مصر کی بوٹے دار کتان پھیلاتی تھی۔"

واقعہ یہ ہے کہ مصر میں مرشدوں کے چغے۔ معبدوں کے کپڑے، قربان گاہوں اور منبروں کے غلافوں کو کشیدے سے مزین کیا جاتا تھا۔ یہودیوں نے انہی سے سوزن کاری کی مہارت حاصل کرکے سوئی اور ماگھ (LOOM) سے تصویری کپڑا بنایا کرتے تھے جس میں بسا اوقات سونے کے تار بھی استعمال کئے جاتے تھے۔

کریمیا کی یونانی قبروں میں چند کشیدہ کاری کے نمونے پائے گئے جو لعش کے ساتھ مدفون تھے۔ ان نمونوں میں زیادہ تر اُون سے کام کیا گیا تھا جس میں زربفت کے تاروں کی آمیزش بھی تھی، چوتھی صدی قبل مسیح کا ایک نمونہ بھی قابل ذکر ہے جس میں بہادر امیزن (Amazon) کو گھوڑے پر سوار دکھایا گیا ہے۔ ہومر بار بار کشیدے کے حوالے دیتا ہے۔ پینی لوپ کا شوہر یولی سس، جس وقت ٹرے کی مہم پر روانہ ہو رہا تھا تو اس حسینہ نے اپنے شوہر کے لباس پر سونے کے تاروں سے ایک دلفریب شکار کا منظر نکال کر اسے تحفہ دیا تھا۔

ہومر اور اس کے بعد کے یونانی کلاسیکل مصنفین کی تصنیفات کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ یونانیوں کے یہاں کشیدے کو بڑی وقعت کی نظر سے دیکھا جاتا تھا اہل یونان کشیدہ کاری کو عقل و دانش کی دیوی منروا کی ایجاد تسلیم کرتے تھے۔

روما کے آخری زمانے میں کشیدہ کاری بکثرت رائج تھی۔ رومی سردار اپنی فتوحات، سفر، مشہور قومی کھیلوں کے موقع پر افسر وجیہائی کشیدے سے مزین، تصویری چغوں کو زیب تن کیا کرتے تھے۔ سوزن کاری کے حسن و دلکشی کے باعث

شہر افروجیا کو ان دنوں غیر معمولی شہرت حاصل تھی اسی مقام سے یہ فن، روما اور یونان میں آیا تھا فریجیو (Phrygio) نامی ایک کشیدہ کار زریفت کے تاروں (کار چوبی کام) سے کام بنا لاکر تا تھا جس کو انگریزی میں آرفیری (Orphrey) یعنی کلیسا کی بھاری کام کی جھالر یا حاشیہ کہتے ہیں وہاں اسی وضع کا کام ہوتا تھا یہی وجہ ہے کہ لاطینی زبان میں کشیدہ کاری کو " افروجیائی کام " کہتے ہیں ۔

سوزن کاری اور کشیدہ کاری میں بابل کو بھی کچھ کم شہرت نصیب نہ تھی بابل نے بھی سنہ عیسوی کی پہلی صدی تک اس فن میں اپنی حاصل شدہ شہرت کو برابر قائم رکھا تھا ۔

پانچویں صدی میں پاسکل نامی پاپائے روم جو کشیدہ کاری کا شیدائی تھا اُس نے کلیسا کو اس فن کے بے نظیر اور گراں بہا تحفے عطا کئے تھے اس کے عطا کئے ہوئے چغوں میں سے ایک پر " دانشمند کنواریوں " کی تصویر بڑے کمال مہارت سے بنائی گئی تھی اور دوسرے کی عنبری زمین پر شوخ پروں کا ایک خوش رنگ طاؤس تھا ۔

وسطی دور

قرون وسطی میں یورپ نے اس فن میں خوب خوب کمال پیدا کیا تھا۔ محل سے لیکر خانقاہوں تک بافندگی اور کشیدہ کاری ہر رتبہ کی خواتین کا تشریف مشغلہ تھا۔ قربان گاہوں کے کپڑے، چادریں، ممبروں کے غلاف کاہنوں کے خلعت (Vestments) اور کشیدے کے پرچموں سے گرجا گھروں کی سجاوٹ کی جاتی تھی کاہنوں کے لئے نفیس سے نفیس چغے بنائے جاتے تھے، خواتین ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی بے انتہا کوشش کرتی تھیں۔ اس دور کے کشیدہ کاری کے سارے نمونوں میں غالباً نہایت بیش قیمت پُر تکلف زرق برق اور مرصع وہ شاہی چغہ ہے جو ویانا میں محفوظ ہے۔ یہ چغہ سرخ ریشم کا ہے اور اس کے کشیدہ میں ایک ببر کو اونٹ پر حملہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ریشم اور زریفت کے تاروں سے کاڑھ کر اس میں موتی اور نگینے ٹانکے گئے ہیں حاشیہ کے اطراف عربی خط میں یہ تحریر ہے کہ " یہ چغہ جزیرہ صقلیہ میں بمقام پلرمو ۱۱۳۴ء میں تیار کیا گیا تھا " یہ نمونہ غالباً اس واقعہ کی طرف اشارہ کرتا ہے جب کہ نارمنوں نے عربوں کو مغلوب کر لیا تھا۔ ویانا میں ایک سفید جبہ بھی ہے جس کے حاشیہ پر زریفت کے شیر اور عقاب (Griffins) بنے ہوئے ہیں اس کی لاطینی اور عربی تحریر سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بھی ۱۱۸۱ء میں بمقام پلرمو بنایا گیا تھا ۔

آٹھویں صدی میں بلجیم میں دو بہنیں والنیلٹا نامی خانقاہ کی صدر راہبات تھیں جو نسوانی مشاغل جمیلہ کی نفاست کے لیے بہت مشہور تھیں کاہلی سے دور رہنے کی خاطر انہوں نے اپنی خانقاہ کی مقیم راہبات کے لئے سوزن کاری اور کشیدہ کاری لازمی قرار دی تھی۔

فتح انگلستان سے پہلے انگریز خواتین سوئی کے کام میں خوب ماہر تھیں۔ اینگلو سیکسنوں کے زمانے ہی میں انگریزی طلائی ٹانکے کا بڑا نفیس کام بنتا تھا ۔

وسطی زمانے میں انگلستان نے کشیدہ کاری کی وجہ سے خوب نام پیدا کیا تھا۔ قربان گاہ کے چند عجیب اور قابل دید انگریزی پردے خود انگلستان اور براعظم یورپ میں اب تک محفوظ ہیں۔ میاتھیو نامی پیرس کے ایک باشندے کے ایک بیان سے انگریزی کشیدہ کاری کی نفاست کا ثبوت ملتا ہے وہ کہتا ہے کہ ۱۲۴۶ء میں جس وقت پوپ انوسنٹ چہارم نے کلیسا کے مزین عباؤں اور مطربوں کی ٹوپیوں پر طلائی کشیدے کے دیدہ زیب نمونے دیکھتے ہوئے ان کے بنانے والوں کے نام دریافت کئے تو یہ معلوم ہوا کہ یہ سارا کام انگلستان میں تیار ہوا ہے۔ پوپ حیرت زدہ رہ گیا اور

بے ساختہ بول اٹھا۔ پھر تو انگلستان ہمارے لئے حقیقت میں ایک بے خزاں باغ ہے۔ جہاں بہت کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے"۔

ملکۂ الزابتھ کے زمانے میں کشیدہ کاری کے نمونے بہت خوشنما ہوا کرتے تھے۔ کوئین آن کے ہاتھ کے کاڑھے ہوئے کئی نمونے اب تک نمائشوں میں محفوظ ہیں اسکاٹ لینڈ کی ملکہ اپنی معصوم ساعتوں، میں سوئی سے اپنا دل بہلاتی تھی، شیروز بری کی کاونٹس، جو ہارڈ وک کی بیس کے نام سے مشہور ہے اپنے زمانے کی ایک مشہور اور باکمال سوزن کار خاتون تھی مشرقی ممالک سے تجارتی تعلقات قائم ہوتے ہی، سترہویں صدی میں انگریزی کشیدہ کاری میں مشرقی پسندیدگی کا زبردست میلان پایا جانے لگا۔ بڑے بڑے پھول دار درخت اوئن (Woollen) سے کاڑھے جاتے تھے جو بالکل ہندوستانی نمونوں کی نقل ہوا کرتے تھے۔ لیکن اٹھارہویں صدی میں دوبارہ ابتدائی دور کے معیار کو قائم رکھنے کی کوشش کی جانے لگی اور اب چند سال پیشتر سے اس حسین دستکاری کی حوصلہ افزائی کی خاطر بڑی کوشش کی جا رہی ہے۔

ازمنۂ وسطیٰ کی فرانسیسی کشیدہ کاری میں بڑی خوبصورتی اور دلکشی پائی جاتی تھی۔

ابتدائی دور کی ہسپانوی کشیدہ کاری میں مسلم خصوصیات جلوہ گر تھیں، لیکن بعد میں اس جزیرہ نما کی ساری کشیدہ کاری، اطالوی طرز کے دوش بدوش چلتی رہی جس میں دقیق کاری اور شوخ رنگ آرائی کا زیادہ رجحان پایا جاتا تھا۔ نمونوں کی کتابوں کے ذریعہ اٹلی کا اثر ملک کے طول و عرض میں پھیلنے لگا۔

نادرلینڈ (ولندیز) کی کشیدہ کاری میں ان کے جدید اصولوں کی جھلک علانیہ نظر آجاتی تھی جرمنی اور اسکینڈی نیویا کی کشیدہ کاری زیادہ تر گھریلو نوعیت کی ہوا کرتی ہے جزائر ایجین میں کسانوں کی کشیدہ کاری نے اتنی ترقی کی کہ یورپ بہ مشکل اس کی ہمسری کا دعویٰ کر سکتا ہے۔ لباس اور گھریلو استعمال کے سوزن کاری کے نمونے اکثر ریشمی تاگے سے کتان (لینن) پر کاڑھے جاتے ہیں۔

ترکی اور ایرانی کشیدہ کاری میں بنے ہوئے کپڑے میں گل بوٹے کاڑھے جاتے ہیں۔ انیسویں صدی سے ترکستان میں لبن کے گلوبند (Scarves) اور تولوں پر ریشم اور فلزی تاروں سے کام کیا جاتا تھا اور ایران میں سفید کشیدہ کاری کا عام رواج تھا۔

ہندوستانی کشیدہ کاری کے متعلق ستمبر کا پرچہ ملاحظہ فرمائیے

بقیہ مضمون صفحہ ۲۴ گھریلو دوا و علاج

گولیاں بنالیں اور صبح دوپہر شام دو دو عدد یا تازہ پانی سے کھلائیں موسمی بخار یا ملیریا کو بہت جلد دفع کرتی ہے۔

نسخۂ دوم: خونی بواسیر کیلئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

تخم اٹروسہ ۱۲ عدد مرچ سیاہ ۷ عدد پانی میں پیس لیں اور ۳ ماشہ شہد خالص ملا کر پلائیں انشاء اللہ پہلی خوراک ہی خون بند اور ایک ہفتہ کے استعمال سے مکمل آرام ہو جائے گا۔

باورچی خانہ

مچھلی کے کباب

حسب فرمائش آ ئی۔ اے خاتون جمشید راؤ عبدالباسط خاں۔ وزن مچھلی ایک سیر۔ گھی یا تیل ایک پاؤ۔ انڈا ایک عدد کھوپرا ایک تولہ خشخاش ایک تولہ۔ مرچ سُرخ۔ لہسن ادرک۔ نمک۔ گرم مصالحہ حسب ذائقہ۔ ترکیب:۔ مچھلی کے قتلے کرکے بہت صاف دھو لیجئے پھر تھوڑے پانی میں اُبلنے چڑھا دیجئے جب مچھلی گل جائے تو سب کانٹے چن ڈالئے جب سب کانٹے صاف ہو جائیں تو تمام چیزیں مصالحہ کی باریک پیس لیجئے پھر مچھلی بھی اس میں پیس لیجئے اب انڈا خوب پھینٹ لیجئے اور انڈا بھی اس میں ایک جان کرلیں پھر گول گول ٹکیاں بنا بنا کے سُرخ تل لیں۔

بہت لذیذ کباب تیار ہیں میرا آزمودہ ہے کئی بار بنا چکی ہوں۔ (اہلیہ محمد محفوظ الرحیم)

ماہ جون کے رسالہ جوہر نسواں میں۔ بہن آ ئی۔ اے خاتون جمشید راؤ عبدالباسط خاں نے مچھلی کے کباب بنانے کی ترکیب پوچھی ہے۔ بہن صاحبہ سے عرض ہے وہ پہلے مچھلی کے ٹکڑے کریں پھر بغیر پانی کے دھیمی آنچ پر پتیلی میں اُبلنے کے لئے رکھ چھوڑیں اور تھوڑی سی چنے کی دال سوکھا دھنیا مرچ پیاز لہسن ادرک بڑی الائچی لونگ الگ پتیلی میں پانی ڈالکر اُبال لیں جب مچھلی بالکل گل جائے تو سب کانٹوں کو چن لیں حسب ضرورت نمک اور سب مصالحوں کو ملا کر سل پر باریک کریں۔ ٹکیہ بنا کر نرم آنچ پر فرائی پن میں چاہے تیل یا گھی میں تل لیں نہایت خستہ عمدہ ہوگی لیکن یہ خیال رہے کہ مچھلی کا کانٹا ایک بھی نہ رہے ورنہ کھانے میں دقت ہوگی۔

نازنین قریشی بھٹنی

دستکار بہنوں کی محفل

ایک خریدار بہن نے کروشیا کے ۴ - ۵ قسم کے بیلوں کے نمونے مانگے ہیں اگر بہن صاحبہ اپنا پتہ براہ راست مجھے بھیج دیں تو میں ۸ - ۹ نمونے جو میرے پاس تیار رکھے ہیں بھیج سکتی ہوں۔ (مسز صابرہ افتخار)

آسیہ بانو صاحبہ کٹ ورک کے بڑے بڑے پھولوں کے کرتے کی ضرورت ہے چونکہ جوہر نسواں کے سائز سے بڑے نمونے جوہر نسواں میں شائع نہیں ہو سکتے۔ لہذا بہن صاحبہ اپنا پتہ براہ راست مجھے بھیج دیں تو میں تیار نمونے روانہ کر دونگی مسز صابرہ افتخار معرفت ڈاکٹر افتخار احمد اسسٹنٹ سرجن پولیس اسپتال [illegible]

مجھے ایک خوبصورت دوسوتی کی بیل کی ضرورت ہے تکیہ غلاف کے لئے اور بیچ کی کوئی خوبصورت سی بھی ہو تو براہ مہربانی بذریعہ جوہر نسواں مطلع کریں۔ زہرہ غلام محمد شیخ

میں نے ۱۹۳۸ء کے جوہر نسواں کے کسی پرچہ میں محترمہ بہن مس الیاس ابراہیم صاحبہ کا ایک مضمون "ڈارجینا ورک" دیکھا ہے۔ اسمیں انہوں نے ایک دوکان کا پتہ بھی لکھا ہے جہاں اس کا سامان ملسکتا ہے میں اس کام کو سیکھنے کی مدت سے کوشاں تھی اور اب چاہتی ہوں کہ اس کا سامان مل جائے۔ اب نہ معلوم اس دوکان پر سامان ملے گا بھی یا نہیں۔ کیا براہ مہربانی مس الیاس صاحبہ اس کے متعلق دریافت کرکے لکھیں گی۔

نجمی مسعود

گھریلو دوا علاج

جوہری بہنوں کی خدمت میں دو نسخے تحریر کرتی ہوں جو کہ میں نے ایک بزرگ حکیم کی بیاض سے نقل کئے ہیں انشاءاللہ آزمودہ ہیں۔

نسخہ اول ملیریا موسمی بخار کے لئے ست گلو ا تولہ کونین ایک تولہ گوند ببول ۲ تولہ ملباشیر ۲ تولہ چاروں چیزیں کو پیکر مونگ کے دانے کی برابر (باقی صفحہ ۴۲ پر)

کھانے پکانے کی بہترین کتابیں

عصمتی دسترخوان حصہ اول جس کی ایک نمایاں خصوصیت جو اس موضوع کی اور کسی کتاب میں نہ نکلے گی یہ ہے کہ تمام ترکیبیں تجربہ کرنے کے بعد لکھی گئی ہیں اس لیے ترکیبیں بالکل صحیح ہیں اور وزن بالکل درست! ہندوستان بھر کے ہر حصہ کی تقریباً ۸۰ عصمتی بہنوں نے اس کتاب کی تیاری میں حصہ لیا ہے اور ایڈیٹر صاحب عصمت کی اہلیہ محترمہ آمنہ نازلی صاحبہ نے بڑی محبت سے کتاب مرتب فرمائی ہے باورچی خانہ کے انتظام اور کھانوں کے متعلق نہایت قیمتی ہدایات اور مضامین درج کیے گئے ہیں ایک ایک چیز کی کئی قسم کی تیار کرنے کے لیے بھی عصمتی دسترخوان سے بہتر کتاب ملنی ناممکن ہے چاول سلونے اور میٹھے۔ سوئیاں۔ کھیر۔ فیرنی۔ سادے اور ترکاری کے سالن۔ مچھلی۔ مرغ۔ جیلی۔ بسکٹ پڈنگ۔ کباب۔ کیک۔ دالیں۔ مٹھائیاں۔ حلوے۔ چٹنیاں۔ مربے۔ آچار۔ سموسے۔ بڑے۔ پوری کچوریاں۔ پراٹھے۔ روٹی۔ بغرض ہر قسم کے کھانوں کی بڑی بڑی اچھی ترکیبیں ہیں اور ہر چیز کی کئی کئی درجن صحیح ترکیبیں! اس کتاب کا ہر گھرانے میں ہونا ضروریات میں سے ہے بہت سی عورتیں اس کتاب کی بدولت عمدہ عمدہ ذائقہ دار کھانے پکانے لگیں۔ لڑکیوں کو یہ کتاب اشد ضروری ہے رہبر ہیں دیکھا ہی ہے۔ چند ہی سال میں ہاتھوں ہاتھ ۹ ایڈیشن نکل گئے۔ قیمت [illegible]

عصمتی دسترخوان حصہ دوم عصمتی دسترخوان کا دوسرا حصہ ہے جس میں ۱۰۰ صفحوں کے نہایت ہی کارآمد اور قابل قدر مضامین ہیں [illegible]

مشرقی مغربی کھانے ہماری خوراک اور غذا کے متعلق تحقیقی مضامین۔ کھانے کے اصول۔ کھانے کی حفاظت۔ جرمنی باورچی خانہ جاپانی باورچی خانہ۔ کچی سبزی۔ ترکاریوں کے خواص۔ کھانے کا کمرہ اناج کا صندوق۔ ایرانی دعوت وغیرہ۔ ترکیبیں سب نئی اور آزمودہ ہیں اور ایک ایک چیز کی متعدد ترکیبیں۔ عربی۔ ایرانی۔ ترکی۔ جاپانی۔ عراقی۔ روسی۔ اطالوی۔ انگریزی۔ فرانسیسی۔ کھانوں کی کئی ترکیبیں ہیں قیمت [illegible] عصمتی دسترخوان مکمل یعنی دونوں حصوں کی قیمت۔ صرف [illegible]

عصمتی ہند کلیا سوا سو کھانوں کی صحیح ترکیبیں بچیوں کے مطلب کی درج کی گئی ہیں۔ کھانے پکانے کے متعلق نہایت مفید مضامین اور کارآمد ہدایتیں بھی ہیں قیمت ۱۰

ناشتہ دوپہر اور رات کے کھانے سے قبل صبح اور تیسرے پہر کے ناشتے چار۔ کوکو شربت۔ لسی۔ فالودہ۔ آئس کریم۔ بسکٹ کیک۔ توسٹ۔ کڑھائی وغیرہ کی کئی ترکیبیں ہیں قیمت ۱۲

بچوں کے کھانے ننھے بچوں کو اصول صحت سے کس قسم کی غذا دینی چاہیے۔ کون سے کھانے مفید ہیں اور وہ کس طرح تیار ہوتے ہیں کئی درجن تجربہ کی ہوئی ترکیبوں کے علاوہ کارآمد مضامین بھی ملک کے قابل ڈاکٹروں کے لکھے ہوئے ہیں قیمت ۱۰

بیماروں کے کھانے بیماروں کے جو کھانے سب مفید ہیں اس میں صرف انہی کی ترکیبیں ہیں اور کئی قابل تجربہ کار ڈاکٹروں نے اس کی تیاری میں حصہ لیا ہے۔ [illegible]

مذاقیہ کھانے دولہا بھائی سے سمدھن سے سہیلیوں سے مذاق کرنے کے نہایت دلچسپ کتاب ہے قیمت [illegible]

زنانہ دستکاری کی مفید کتابیں

عصمتی کروشیا [illegible] مختلف قسم کی جھالروں۔ کونوں۔ دسترخوان۔ ٹوپیوں وغیرہ کے خوبصورت نمونے چند [illegible]۔ تاج محل جامع مسجد گلدستہ۔ گلدان۔ ہرن۔ گھوڑے۔ شیر مرغ۔ راج ہنس۔ بچہ مع تیر کمان۔ گاڑی۔ عورت معہ پنکھا وغیرہ چوتھا ایڈیشن قیمت دو روپیہ [illegible]

عصمتی [illegible] میز پوش۔ پلنگ پوش۔ چادریں۔ رومال۔ کرسیوں کے گدے۔ تکیہ کے غلاف وغیرہ کے کئی درجن نمونے۔ دلکش پھول دلآویز بیلیں وغیرہ چوتھا ایڈیشن [illegible]

گلدستہ کشیدہ ہر وضع کے پھول بیلیں کونے۔ بوٹیاں چادر۔ میز پوش۔ گریبان کف وغیرہ کے لیے۔ ۲۰ مشہور دستکار خواتین نے اس کی تیاری میں حصہ لیا ہے چوتھا ایڈیشن [illegible]

گلزارِ درخشاں کشیدہ کاری کے سو بہترین نمونے از محترمہ آر کے درخشاں [illegible]

گلشن زہرا ۴۳ بیلیں۔ ۲۰ پھول۔ ۳۰ کونے۔ [illegible]۔ ۱۱ ٹوکریاں۔ ۵۰ مرکزی یا وسطی خاکے، ۷ گریبان غرض کشیدہ کے متعدد نمونے ہیں قیمت [illegible]

مجموعہ کشیدہ کاری پہلے ۴۴ نمونے ان کے بعد نئی نئی وضع کی کڑھت کے ۷۴ نمونے پھر مختلف خواتین کے دیے ہوئے ۹۳ بہترین نمونے ہیں قیمت [illegible]

رحِ کشیدہ جس میں متعدد موٹے چھوٹے بڑے درمیانی پھولوں۔ بیلوں۔ گلدستوں ٹوکریوں مرکز کونوں کے ہیں قیمت [illegible]

کڑھت کی قسمیں مختلف قسم کی کڑھت کی عام فہم ترکیبیں اور ہدایتیں نمونے دیدہ زیب [illegible]

کراس اسٹچ ورک ترچھے ٹانکوں کے کام کی مشہور کتاب۔ چند نمونوں کے عنوانات۔ بطخ۔ چڑیا سارس۔ چوزہ۔ مور۔ بلی۔ چوہا۔ گلہری۔ ہرن ہاتھی۔ اونٹ تیتری وغیرہ پھولوں بیلوں گلدانوں وغیرہ کے بھی بہت سے نمونے ہیں قیمت [illegible]

تارکشی کا کام جس کی مدد سے کپڑے سے دھاگہ نکالنے کا کام آجاتا ہے متعدد نمونے ملاکر

گلدستہ تارکشی مضامین اور ہدایتیں نہایت سلیقہ اور محنت سے لکھی گئی ہیں ۵۰ نمونے ہیں ایک سے ایک بہتر [illegible]

اونی کام سلائیوں بننگ کے بہترین نمونے۔ مضامین اور ہدایتیں عام فہم ملاک کے رنگین اور سادے نمونے بہت کافی ہیں دوسرا ایڈیشن قیمت [illegible]

موتیوں کا کام ۴۰ پھول، ۷۰ بیلیں، ۲۰ جھالریں، ۳۰ فریم، ۱۱۱ نسرشن، ۳ جالیاں، ۹ حاشیے ۱۱ پنکھے ہینڈ اور منی بیگ، ۲۰ پردے ان کے علاوہ متعدد اور نمونے۔ ترکیبیں مفصل اور مکمل ۷۲ عصمتی بہنوں نے یہ کتاب تیار کی ہے بار سوم قیمت تین روپیہ [illegible]

سلمہ ستارہ کا کام کلابتون۔ ٹکوریس سلمہ۔ گچھائی۔ موتی۔ ستارہ وغیرہ کے کام کے ۲۲۶ نمونے دیدہ زیب۔ مرحومہ خدیجہ بائی کی دستکاری کی یادگار ہے [illegible]

چمنستانِ خیاطی پاسوئی کا کام بچوں کے کپڑے سوٹ جانگیے۔ باڈی۔ پاجامہ۔ سینہ بند قمیص۔ زنانہ کپڑے لباس شب خوابی۔ انڈرویر۔ کالر کف، بلاوز جمپر غرض کٹائی سلائی کی ترکیبیں اور نمونے بہترین قیمت [illegible]

گلستانِ خیاطی کپڑے کی کٹائی سلائی کی بہترین کتاب قیمت [illegible]

گوٹہ کناری کا کام ہندوستان کی قدیم و مشہور صنعت پر بیش بہا کتاب سوا سو کے قریب دیدہ زیب نمونے ہیں ترکیبیں عام فہم ہیں۔ قیمت صرف دو روپیہ [illegible]

جالی کا کام لہریں۔ جال۔ سیدھے الٹے فیتے گچھے پھول بیلیں۔ گلدستے مختلف وضع کے متعدد ہیں۔ ہدایتیں بہت آسان مگر مکمل ہیں بار دوم قیمت دو روپیہ [illegible]

شمیم سوزن کاری جس میں زری کا کام۔ ڈار جیناورک کامدانی کا کام کانچ کے ٹکڑوں کا کام۔ سلک ایمبرائڈری اور کروشیا کے نمونے ڈیڑھ سو کے قریب ہیں مع ہدایات [illegible]

مِلنے کا پتہ:۔ عصمت بُک ڈپو۔ کوچہ چیلان۔ دہلی

مصور غم حضرت علامہ راشد الخیری کی تصانیف

تاریخ و سیرت

آمنہ کا لال — اردو زبان میں سولود شریف کی بہترین کتاب۔

سیدہ کا لال — مکمل و مفصل تاریخ شہادت کربلا کے دردناک واقعات بہترین شکل میں۔

الزہرا — جگر گوشۂ رسول حضرت بی بی فاطمہ زہرا کی بے نظیر سوانح عمری و تذکرہ مکمل۔

نوبت پنج روزہ — آخری بادشاہ دہلی کے پانچ جشن۔ اسی سال پہلے کی دہلی کی جھلک۔ باتصویر۔

وداع خاتون — شہید اور بہ محترمہ خاتون اکرم کی جوانمرگی پر خون کے آنسو۔

امین کا دم واپسیں — ملکہ زبیدہ خاتون کے لخت جگر شہزادہ امین الرشید کے دردناک قتل کے حالات

دلی کی آخری بہار — نصف صدی پہلے کی تہذیب، تعلقات، وضعداری اور محبت کی پرلطف کہانیاں

بزم رفتگاں — اردو و نثر کے بے مثل مرثیے باکمال ادیبوں اور شعراء کی یاد میں باتصویر۔

داستان پارینہ — چند تاریخی مضامین باتصویر، جن میں افسانہ سے زیادہ دلچسپی ہے۔

اصلاحی معاشرتی ناول

حیات صالحہ — باسلامت سیلی کی بیگماتی زبان میں بہترین اخلاقی و مصلحی سبق آموز ناول

منازل السائرہ — ایک شریر لڑکی کی پیدائش سے موت تک کے واقعات نہایت دلچسپ و دلآویز

صبح زندگی — بیوہ کی پیدائش سے شادی تک کے حالات نہایت موثر پیرایہ میں [illegible] ہے

شام زندگی — بیوہ کی شادی سے موت تک کے سبق آموز واقعات [illegible] ہے

شب زندگی — [illegible] کی موت کے بعد کے حالات اصلاح نسواں کے سلسلہ میں بہترین تصنیف ہے۔

نوحۂ زندگی — بیوہ کے نکاح ثانی کے متعلق مصور غم علیہ الرحمۃ کی معرکۃ الآرا تصنیف۔

[illegible] — قبیح رسوم شرکت و بدعت وغیرہ دور کرنے کے لیے نہایت دلچسپ و انگیز اصلاحی ناول۔

[illegible] — دو بہنوں کی مفصل داستان ایک دور قدیم کی پرستار، دوسری دور جدید کی دلدادہ

[illegible] — اسلام کا پیغام، وہ حقیقی سوانح [illegible] ایک کی زندگی سابت کامیاب دوسری کی غلطی کا انجام

اصلاحی معاشرتی افسانے

[illegible] — وقت کا اندھا صد سالہ [illegible] والی ایک ناعاقبت اندیش لڑکی کا انجام

سراب مغرب — مسلم مدارس میں مسلم لڑکیوں کی تعلیم کا حشر مغربی تقلید کے دردناک نتائج۔

سوہاگ — ایک بیکس لڑکی کی دردناک داستان جس کا نکاح والدین نے سوچ سمجھ کر نہ کیا

[illegible] — کشادہ و نامرد مرد کا [illegible] جس کا نکاح والدین نے سوچ سمجھ کر نہ کیا

[illegible] — [illegible] کی شادی کر کے [illegible] جاہل کے ہاتھوں بیٹے کا قتل۔

[illegible] — جس میں سید جیسی بیوہ کے نکاح ثانی کو بے سود ثابت کیا ہے۔

تفویٰ شیطانی — [illegible] شیطانی کے [illegible] معاملہ اور درد انگیز سبق آموز اور نتیجہ خیز۔

[illegible] — جو ایک شیطان کی مغفرت کے لیے پیش کیے جاتے ہیں۔

[illegible] — [illegible] کی ماری شہزادیوں کی دل ہلا دینے والی آپ بیتیاں باتصویر۔

[illegible] — ملاقات [illegible] جس میں یہ دکھایا ہے کہ مرد کے لیے شریف بیوی سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔

[illegible] — [illegible] لڑکی کا دردناک افسانہ عبرتناک اور سبق آموز۔

[illegible] — [illegible] اس بہترین افسانہ شائع نہیں ہوا جسمیں بھی آنسو نکل

[illegible] — صنف نازک ننھیال لڑکیوں کا نہایت دلچسپ افسانہ۔

[illegible] — انسان ترقی کی دھن اور دولت کے نشے میں کیسے کیسے ظلم ڈھاتا ہے۔

[illegible] — ایک [illegible] بچہ کی بدولت بڑی بڑی مصیبتیں اٹھاتی ہے۔

[illegible] — عیش اور عشرت کی دلدادہ ایک بیگم خاتون کی کہانی انہی کی زبانی۔

[illegible] — حیات انسانی پر پردہ [illegible] اور چند نسوانی گزرے ہوؤں کا خاکہ۔

مختصر افسانوں کے مجموعے

[illegible] — سبق آموز اور درد انگیز افسانوں کا مشہور و مقبول مجموعہ۔

[illegible] — مصور غم کے بہترین نہایت موثر اور معرکۃ الآرا سات باتصویر افسانے۔

[illegible] — شہنشاہ کا فیصلہ۔ عہد عباسی کے خلفاء کا ایک نہایت دلچسپ نتیجہ خیز افسانہ۔

طوفان اشک — [illegible] کی جگہ پر مظلوم عورتوں کی فریاد [illegible] ہلا دینے والے دس افسانے

گلدستۂ اشک — دردناک [illegible] افسانوں اور مضامین کا مشہور مجموعہ

صدائے زاغ — اردو کے سب سے پہلے مختصر افسانہ نگار کے آخری بہترین افسانوں کا دلآویز مجموعہ

نسوانی زندگی — چھ افسانے جن میں ماں، بیوی، بیٹی، بہن، عورت کی چار حیثیتیں دکھائی گئی ہیں۔

گوہر مقصود — خراسان کی بیچاری [illegible] کی تلاش دلچسپ قصے۔

گلدستۂ عید — علاوہ مضمونوں اور افسانوں کا مجموعہ، رمضان و عید کا بہترین تحفہ۔

گرداب حیات — عورتوں کی اصلاح اور حمایت میں متعدد چھوٹے چھوٹے سبق آموز موثر افسانے۔

ساحل حیات — حیات انسانی کے متعلق جانوروں کا مشاہدہ [illegible] سبق آموز موثر افسانے۔

حور اور انسان — [illegible] سال پہلے جو معرکۃ الآرا افسانے شائع ہوئے [illegible] افسانے

نشیب و فراز — [illegible] عورتوں نے اپنی اپنی زندگی کا کوئی اہم واقعہ یا مشاہدہ بیان کیا ہے

مزاحیہ افسانے

نانی عشو — [illegible] مزاحیہ [illegible] بہت مشہور کتاب ہے۔

ولایتی نتھی — بی نتھی نے بڑھاپے میں [illegible] سوانگ بھرے ہیں کہ ہنسی ضبط نہیں ہوتی

[illegible] — چند نہایت ہی پر لطف مزاحیہ لیکن نتیجہ خیز قصے

نظموں کے مجموعے

رود نفس — مصور غم کی خود اپنی چھوٹی چھوٹی نظموں کا مشہور مجموعہ سالگرہ پر جشن۔

گرفتار قفس — اس مجموعہ میں بہت موثر نظمیں ہیں، یہ دوسرا حصہ ہے

مذہبی مضامین

احکام نسواں — عورتوں کے متعلق قرآن مجید کے احکام کی تفسیر [illegible]

محسن انسانیت — سرور کائنات صلعم کی زندگی کے متفرق [illegible] کے مضامین

دعائیں — [illegible] نظم و نثر میں چھوٹی چھوٹی [illegible] دعائیں

قرآنی قصے — ان نبیوں اور پیغمبروں کے حالات جن کا قرآن مجید میں ذکر ہے۔

[illegible] اسلام — خواتین کے لیے نہایت موثر [illegible] مضامین

ادب لطیف

قلب حزیں — چھوٹے چھوٹے لطیف ادبی مضامین بہترین پاکیزہ شاعری کے بے نظیر نمونے

لڑکیوں کی انشا — خط و کتابت سکھانے کی بہترین کتاب بیگماتی زبان [illegible] کے محاورے۔

سنی ہوئی باتیں — [illegible] زبان میں چند مضامین کا ایک ایک نقطہ تیر و نشتر۔

اسلامی، سماجی، سیاسی مضامین

شہید مغرب — [illegible] میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے مقابلے درد انگیز افسانے۔

یادگار [illegible] — حقوق نسواں کی حمایت میں پہلے اور آخری رسالے کے متعلق موثر مضامین

عالم نسواں — ملکی و غیر ملکی خواتین کی تحریکوں پر مصور غم کے گراں بہا خیالات۔

[illegible] — مختلف مقامات کے معاشرتی حالات اور تعلیم یافتہ خواتین و حضرات کا [illegible]

اسلامی تاریخ بطرز ناول

ماہ عجم — [illegible] کے عہد مبارک میں مسلمانوں کے [illegible]

عروس کربلا — واقعہ کربلا کے دردناک حالات اور محبت کا دلآویز فسانہ

یاسمین شام — حضرت عمر فاروق کے زمانہ خلافت کی اسلامی داستان۔

محبوبۂ خداوند — خلیفہ سوم کے زمانہ میں عیسائیوں کی [illegible] فوج سے مقابلہ۔

تیغ کمال — [illegible] سلطان [illegible] کمال [illegible]

سنگ [illegible] — [illegible] مسلمانوں کا جوش [illegible]

آفتاب دمشق — خلیفہ اول کے زمانہ [illegible] مسلمانوں [illegible] کے معرکے۔

[illegible] — [illegible] کے [illegible] کو لطف و رنگینی سے بیان فرمایا۔

[illegible] — [illegible]
